لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ABC CERTIFIED

Daily SEHAR

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ

سحر

لاہور

چیف ایڈیٹر

ملک یامین اعوان

جلد: 19 | جمعرات 8 اکتوبر 2026ء 1448ھ 25 ربیع الثانی 23 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 254

www.sehar.pk

dailysehar1@gmail.com

.206 اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

فیلڈ مارشل

علاقائی تنازعات کے پُرامن حل کیلئے پاکستان ہمیشہ کوشش کرتا رہا ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے انتونیو گوتریس کی ملاقات: دونوں رہنماؤں نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ اور درپیش سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مختلف امور پر خیالات کا تبادلہ کیا

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور اس کی مسلح افواج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے جی ایچ کیو راولپنڈی آمد پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق ملاقات کے دوران جموں وکشمیر کے تنازع، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو التوا میں رکھنے اور افغانستان سے پیدا ہونے والی دہشت گردی کے حوالے سے بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ دونوں رہنماؤں نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

پاکستان اور پولینڈ کا سکیورٹی و انسداد دہشتگردی تعاون بڑھانے پر اتفاق

ملاقات میں سکیورٹی، انٹیلیجنس شیئرنگ، انسداد دہشت گردی، غیر قانونی مائیگریشن اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے درمیان تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری سے پولینڈ کے وزیر اور کونسل آف منسٹر کے سربراہ ٹوماش شیموٹیاک نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور پولینڈ کے درمیان دوطرفہ تعلقات اور سکیورٹی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا حکومت سے غیر مشروط مذاکرات کا مطالبہ

بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے ڈاکٹر لندن سے نہیں بلایا گیا، وہ لاہور میں بھی ہوتا ہے: چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم مذاکرات سے انکار نہیں کر رہے لیکن غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے، گورنر راج یا ایمرجنسی نہیں لگنی چاہیے، صوبہ دہشتگردی کی لپیٹ میں ہے، بانی پی ٹی آئی کیساتھ ملاقاتوں سمیت گرفتار رہنماؤں کو رہا کیا جائے، بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے ڈاکٹر لندن سے نہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اہم خبریں

پاکستان کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف حاصل کرنے کے لیے معیشت کے ہر شعبے کو فعال کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو 1 ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف حاصل کرنے کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کی بینکوں کیلئے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کیلئے دیگر صوبوں کو پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن تیز کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بینکوں کے لیے ہاؤسنگ فنانس کی فراہمی آسان بنانے کے لیے دیگر صوبوں کو پنجاب کی طرز پر اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

صوبے کے عوام کی دہشتگردی کے خلاف قربانیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ہماری خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو، وزیراعظم کی امیر مقام سے ملاقات میں گفتگو

وزیراعظم

خیبر پختونخوا میں بڑھتی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا

وزیراعظم شہباز شریف نے آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری رکھنے کی ہدایت کی

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کو ہر قیمت پر روکنا ہوگا، ہماری خواہش ہے کہ خیبر پختونخوا میں بھی ملک کے دیگر حصوں کی طرح ترقی ہو۔ وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان انجینئر امیر مقام نے ملاقات کی، جس میں آزاد جموں و کشمیر، گلگت بلتستان اور خیبر پختونخوا سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے وزیراعظم کو آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں جاری امور اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیراعظم نے آزاد جموں و کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی فلاح و بہبود، ترقی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد ہائی کورٹ نے قتل اور اغوا کی ملزمہ کو 5 لاکھ کے مچلکوں کے عوض ضمانت دیدی

ملزمہ کا قتل میں کوئی براہِ راست ومخصوص کردار سامنے نہیں آیا، اسلام آباد ہائی کورٹ کا تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قتل اور اغوا کیس میں گرفتار ملزمہ کی بعد از گرفتاری ضمانت منظور کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ ملزمہ کا قتل میں کوئی براہِ راست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

آئی ایم ایف کے اعتراضات برقرار، الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کا فیصلہ نہ ہوسکا

الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس میں کمی کا فیصلہ ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان مذاکرات آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات تاحال ختم نہ ہوسکے۔ ذرائع وزارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ پنجاب

اپنی چھت اپنا گھر کے سیوا لاکھ زائد خاندان اپنے گھروں میں منتقل ہوچکے ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کی وزیر برائے ہاؤسنگ ڈاکٹر خلفان سے ملاقات، عمانی وزیر نے اپنی چھت، اپنا گھر کو بہترین ہاؤسنگ پراجیکٹ قرار دیدیا

عمانی وزیر برائے ہاؤسنگ نے وزیراعلیٰ مریم نواز، وفد کا پرتپاک خیرمقدم کیا، یو این ہیبی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ ملنے پر مبارکباد پیش کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مسقط میں عمانی وزیر برائے ہاؤسنگ واربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان بن سعید بن مبارک الشویلی سے ملاقات کی۔ عمانی وزیر برائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مسقط میں عمانی وزیر برائے ہاؤسنگ واربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان بن سعید بن مبارک الشویلی ملاقات کرتے ہوئے

پاکستان اور جرمنی کا تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط بڑھانے پر اتفاق

پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق عالمی ذمہ داریوں کی تکمیل کیلئے پرعزم ہے، جام کمال کی جرمن کمپنیوں کو سرمایہ کاری کی دعوت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے جرمن سفیر اینا لیپل نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور جرمنی کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

پاکستان نیوی کی بحیرہ عرب میں بڑی کارروائیاں، 96 ملین ڈالر مالیت کی منشیات برآمد، کامیاب کارروائیاں پاکستان نیوی کی مسلسل سمندری موجودگی، چوکسی وعلاقائی بحری سلامتی کے تحفظ، سمندر میں غیر قانونی منشیات سمگلنگ کیخلاف غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان نیوی نے بحیرہ عرب میں بڑی کارروائیوں کے دوران 96 ملین ڈالر مالیت کی منشیات برآمد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

محسن نقوی کا بحیرہ عرب میں انسداد منشیات کے دو کامیاب آپریشنز پر پاک بحریہ کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ و انسداد منشیات محسن نقوی نے بحیرہ عرب کے کھلے سمندر میں انسداد منشیات کی دو بڑی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

خیبر پختونخوا کے سکیورٹی فورسز کی کاروائیاں 18 خوارج واصل جہنم

سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کر دیا، سکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا

مستونگ کے علاقوں سیاپشت اور کلی گشتری میں سکیورٹی فورسز نے فتنہ الہندوستان کیخلاف آپریشن کے دوران 5 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر دیا

راولپنڈی (بیوررپورٹ) سکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے فتنہ الخوارج کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

ملک کا تنخواہ دار طبقہ انکم ٹیکس دینے میں ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے آگے

تنخواہ دار طبقے نے ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سے 90 ارب روپے زیادہ ٹیکس دیا، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں تنخواہ دار طبقے نے انکم ٹیکس دینے میں ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کو ایک بار پھر پیچھے چھوڑ دیا۔ ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے نے ریٹیل اور رئیل اسٹیٹ سے 90 ارب روپے زیادہ ٹیکس دیا جو 144 ارب روپے ہے، رئیل اسٹیٹ سے انکم ٹیکس وصولی 38 فیصد کمی سے 35.2 ارب روپے رہ گئی، اس سیکٹر سے ٹیکس وصولی گزشتہ سال کے مقابلے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

بیرئیر ہٹانے کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیرئیر ہٹانے کے کیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی 13 دہشت گرد ہلاک کرنے پر اظہار تشکر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں سکیورٹی فورسز کی 13 دہشت گرد ہلاک کرنے پر اظہار تشکر کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

عالمی مسائل کے حل کیلئے کثیر الجہتی نظام اور اقوام متحدہ کا کردار مزید اہم ہوگیا: اسحاق ڈار

جیوپولیٹکس کے موضوع پر بات کرنے کے لیے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے بہتر کوئی شخصیت نہیں ہوسکتی

عالمی تنازعات اور مسائل کے پرامن حل میں اقوام متحدہ کا کلیدی کردار ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ دنیا کے نظام اور طاقت کے توازن میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، ایسے میں عالمی مسائل کے حل کے لیے کثیر الجہتی نظام اور اقوام متحدہ کا کردار مزید اہم ہوگیا ہے۔ فارن سروسز اکیڈمی اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ جیوپولیٹکس کے موضوع پر بات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

وزیراعظم

مذاکرات کے دروازے کھلے ریاست میں کوئی یرغمال بنا کوئی مطالبہ نہیں منوایا جاسکتا

رانا ثناء اللہ

وزیراعظم نے کل بھی پی ٹی آئی کو بات باور کرانے کی کوشش کی، وزیراعظم نے کہا ذاتی سیاسی ایجنڈے کو قومی مفادات پر ترجیح نہ دی جائے، پی ٹی آئی کا ایک ہی ایجنڈا رہا کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کیا جائے

سیاسی عدم استحکام 2014 سے شروع ہوا، پی ٹی آئی نے تسلسل کے ساتھ اپنے ایجنڈے کو آگے بڑھایا 2014 میں اسلام آباد پر چڑھائی کی اور 126 دن کا دھرنا دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ خان نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے مذاکرات کیدروازے کھلے ہیں، ریاست کو یرغمال بنا کر کوئی مطالبہ نہیں منوایا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

سپریم کورٹ آف پاکستان، سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد، مجرم کی سزائے موت کے خلاف اپیل خارج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ نے سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد اپ لوڈ کرنے کے مقدمے میں سزائے موت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی وزیر مملکت اسٹیفن ڈوٹی کی ملاقات، مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور طلال چودھری سے برطانوی وزیر مملکت برائے خارجہ اسٹیفن ڈوٹی نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ اس موقع پر پاک برطانیہ تعلقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

سپیکر قومی اسمبلی کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا

مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا، ایاز صادق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا کہنا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کامیاب ہوگئے تھے، ڈیڈلاک پی ٹی آئی اور ان کے اتحادیوں کے درمیان ہوا جو بدقسمتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے مولانا فضل الرحمان کو اپوزیشن سے مذاکرات کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ ایاز صادق نے کہا کہ بطور سہولت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اروشا: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے تنزانیہ کی قومی اسمبلی کے اسپیکر موسیٰ اذان زونگو ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس ملاقات کرتے ہوئے

حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صورت چڑھائی نہیں ہونے دے گی، طارق فضل چودھری

حکومت بانی پی ٹی آئی کی دیکھ بھال کے لیے ہر ممکن بہترین اقدامات کر رہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چودھری نے کہا ہے کہ حکومت اسلام آباد میں کسی بھی صورت چڑھائی نہیں ہونے دے گی۔ سینئر صحافیوں سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

ڈی جی حج تیسری بار بھی غیر حاضر، سینیٹ قائمہ کمیٹی کا اجلاس احتجاجاً ملتوی

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس قائم مقام چیئرمین سینیٹر حافظ عبدالکریم کی زیر صدارت ہوا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سینیٹ قائمہ کمیٹی کے اجلاس میں ڈی جی حج تیسری بار بھی نہیں آئے، جس پر اجلاس کو احتجاجاً ملتوی کر دیا گیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کا اجلاس قائم مقام چیئرمین سینیٹر حافظ عبدالکریم کی زیر صدارت ہوا، جس میں ڈی جی حج کی عدم حاضری پر ارکان نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے، وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہم مذاکرات سے انکار نہیں کر رہے، غیر مشروط مذاکرات ہونے چاہئیں۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

چیئرمین سینیٹ کی اسلام آباد میں تنزانیہ کے مستقل سفارتی مشن کے قیام، تجارت اور پارلیمانی تعاون کے فروغ کی تجویز

اروشا (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے تنزانیہ کی قومی اسمبلی کے اسپیکر موسیٰ اذان زونگو سے ملاقات کے دوران پاکستان اور تنزانیہ کے باہمی تعلقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

نابالغ بچوں کے نان نفقہ کیلئے والد کی پنشن بھی منسلک ہوسکتی ہے

لاہور ہائی کورٹ

بچے کا نان نفقہ کسی شخص کو دیئے گئے قرض یا ادھار رقم کی واپسی کا دعویٰ نہیں، والد، بچے کے رشتے سے پیدا قانونی ذمہ داری ہے

دو رکنی بنچ اپنے تحریری فیصلے میں اسلامی اصولوں کا حوالہ دیتے ہوئے سورالبقرہ کی آیت 233 کا ذکر بھی کیا، آٹھ صفحات پر مشتمل فیصلہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے اہم قانونی نقطہ طے کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ پنشنر والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

گورنر راج آخری آپشن، کوشش کر رہے ہیں اس طرف نہ جائیں، خواجہ آصف

طالبان کیساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکر کشی نہیں کرنے دیں گے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ گورنر راج کے نفاذ میں کوئی رکاوٹ نہیں، تاہم ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اس آخری آپشن پر نہ جائیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ دارالحکومت کو پی ٹی آئی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے، طالبان کے ساتھ مل کر پی ٹی آئی کو اسلام آباد پر لشکر کشی نہیں کرنے دیں گے، اسلام آباد کی حفاظت کرنا ہمارا فرض ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے رفقا کی فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بانی پی ٹی آئی سے (آج) جمعرات کو رفقا کی ملاقات کیلئے فہرست جیل حکام کے حوالے کر دی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر موثر نہیں کیا جاسکتا، آصف علی زرداری

پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے

پائیدار امن کیلئے تمام دیرینہ تنازعات بالخصوص جموں وکشمیر کے تنازعے کا حل ضروری ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل یا غیر موثر نہیں کیا جاسکتا، پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ ان خیالات کا انہوں نے ایوانِ صدر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صدر آصف علی زرداری نے یو این سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کو "نشانِ امتیاز" سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

موسمیاتی خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت کی قومی ترجیحات میں مرکزی حیثیت کو یقینی بنانا ہوگا، وزیراعظم کا پیغام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے قدرتی آفات پر عوام کے اجتماعی اور ہمدردانہ ردعمل کو قابل فخر قومی کردار کا حصہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ موسمیاتی خطرات سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

40 سے 50 ہزار دہشت گردوں کی آبادکاری بدامنی کی بنیادی وجہ ہے، حنیف عباسی

عوام کو وفاق سے 8500 ارب ہڑپ کرنے والی کے پی حکومت کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا، وفاقی وزیر ریلوے

پی حکومت کو 2010 سے 2025 کے دوران این ایف سی کی مد میں 8500 ارب روپے جاری کیے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف بیرونی ایجنڈے کے تحت ملک پر مسلط کی گئی جس کا افغانستان میں موجود وار لارڈز کے گٹھ جوڑ کے ساتھ گہرا تعلق اب بے نقاب ہو چکا ہے، خیبر پختونخوا کی حکومت دہشت گردی کے خلاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

موجودہ حالات میں ملک کسی بھی سیاسی مہم جوئی کا متحمل نہیں ہوسکتا، عبدالعلیم خان

عوام جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ کی سیاست اور دھرنوں کو مسترد کرتے ہیں، وفاقی وزیر مواصلات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک کسی بھی سیاسی مہم جوئی کا متحمل نہیں ہوسکتا، قومی سلامتی اور ملکی امن کو سیاسی مفادات کی بھینٹ نہیں چڑھنے دیں گے، وطن عزیز کو اس وقت سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی یکجہتی کی ضرورت ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، عظمیٰ بخاری

دوسری مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر اطلاعات پنجاب کی پریس کانفرنس

اپنی چھت اپنا گھر دنیا میں تیزی سے آگے بڑھنے والے منصوبوں میں شامل ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، فیض اب جا چکا ہے، ایک وزیراعلیٰ لاہور آیا تھا، کیا ملا اسے، خالی ہاتھ واپس گیا، یہ ملاقات مانگ رہے ہیں ایسے ملاقات نہیں ہونی، دوسری مرتبہ نومئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین سے روس کی زرعی کمپنی شیلکو وو ایگروکم کے وفد کا ملاقات کرتے ہوئے

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا 36 جوڑے روڈ کا دورہ، انہوں نے سیوریج لائنوں کی بچھائی کے بعد سڑک کی بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا 36 جوڑے روڈ کا دورہ، انہوں نے سیوریج لائنوں کی بچھائی کے بعد سڑک کی بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کا 36 جوڑے روڈ کا دورہ، انہوں نے سیوریج لائنوں کی بچھائی کے بعد سڑک کی بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا فاروق نجیب نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کے سڑک کی بحالی کا کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر تعمیر کے دوران تمام تکنیکی امور کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ ڈرینج سسٹم کی بہتری کے ساتھ سڑک کی پائیداری یقینی بنائی جائے۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ سڑک کو دوبارہ ٹوٹنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر کے ہر گلی محلے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے، محمد اکرام ملک

اوکاڑہ + رینالہ خورد (شکیل احمد آصم + سرفراز انجم سے) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر کے ہر گلی محلے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے" میں خود ستھرا پنجاب کے کاموں کی مکمل مانیٹرنگ کر رہا ہوں اور فیلڈ میں بھی متحرک ہوں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے کیا انہوں نے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے خود فیلڈ میں متحرک ہوا ہوں اور اس سلسلہ میں انشاللہ اوکاڑہ کو ستھرا پنجاب کا نمبر ون ضلع بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے گزشتہ روز بھی انہوں نے اوکاڑہ "دیپالپور" رینالہ خورد میں گلی محلوں کا وزٹ کیا اور اس دوران صفائی کی صورتحال اور ویسٹ مینجمنٹ ٹیموں کے کام کا معائنہ بھی کیا۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کو خوش اسلوبی اور جانفشانی سے صفائی امور جاری رکھنے کی ہدایات دی ہیں جبکہ شہریوں کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

سول ہسپتال وزیر آباد کی واحد ایمبولینس 8 ماہ تک ورکشاپ میں مردہ حالت میں اپنے مسیحا کے انتظار میں کھڑی ہے

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) سول ہسپتال وزیر آباد کی واحد ایمبولینس 8 ماہ تک ورکشاپ میں مردہ حالت میں اپنے مسیحا کے انتظار میں کھڑی ہے۔ مریضوں کو نقل و حمل میں شدید مشکلات کا سامنا تھا ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو گوجرانوالہ اور دیگر بڑے ہسپتالوں میں منتقل کرنے کے لیے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں اور سماجی حلقوں نے اس صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا



ایمبولینس مالکان کی چاندی۔ وزیر آباد کے سول ہسپتال کو سی او ہیلتھ کی طرف سے 3 ایمبولینس دی گئی تھیں دو گوجرانوالہ یارڈ جبکہ واحد ایمبولینس 5215LES گزشتہ 8 ماہ سے مرمت کے لیے نجی ورکشاپ کے باہر کھلے آسمان کے نیچے استراحت فرماء رہی ہے ہے کہ لاکھوں آبادی کے شہر کے واحد سرکاری ہسپتال کے پاس ایک بھی فعال ایمبولینس کا نہ ہونا محکمہ صحت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ ایمرجنسی کی صورت میں مریضوں کو پرائیویٹ ایمبولینسز کے لیے ہزاروں روپے دینا پڑتے ہیں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

تحصیلدار وسب رجسٹرار دیپال پور چوہدری سلمان مقصود سے پاکستان پریس کلب کے عہدیداران نے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شعبان کی سربراہی میں ملاقات کی

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) تحصیلدار وسب رجسٹرار دیپال پور چوہدری سلمان مقصود سے پاکستان پریس کلب کے عہدیداران نے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شعبان کی سربراہی میں ملاقات کی۔ وفد میں چوہدری محمد سرور، زاہد مقصود لکھوی اور چوہدری محمد زمان شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے چوہدری سلمان مقصود کو تحصیلدار دیپال پور کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے تحصیلدار وسب رجسٹرار دیپال پور چوہدری سلمان مقصود نے کہا کہ سرکاری ریونیو کی بروقت اور مکمل وصولی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ ریونیو ریکوری کے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے ماتحت عملہ مزید متحرک ہو کر اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دے اور سرکاری واجبات کی وصولی میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائیانہوں نے متعلقہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے 25 ویں بورڈ کا اجلاس صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے اور فیلڈ نگرانی سخت کرنے کی ہدایت

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (SLWMC) کے 25 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ ممبران اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت صفائی کے نظام، کمپنی کی کارکردگی اور فیلڈ آپریشنز کا جائزہ لیا گیا، جبکہ افسران نے جاری اقدامات پر بریفنگ دی۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے فیلڈ آپریشنز کی باقاعدہ نگرانی اور شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائیاجلاس میں ملازمین کی فلاح و بہبود، انتظامی امور اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

نوشہرہ ورکاں تحصیل بار کی رجیم وایگزیکٹو باڈی کا اہم اجلاس منعقد، وکلاء کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا اعادہ

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں تحصیل بار کی رجیم وایگزیکٹو باڈی کا اہم اجلاس، وکلاء کے حقوق کے تحفظ کے عزم کا 6 ایکڑ اراضی اور چیمبرز کی تعمیر سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ وکلاء برادری کے مفادات کے تحفظ، بار کی

اعادہ بار ایسوسی ایشن نوشہرہ ورکاں کی رجیم اور ایگزیکٹو ممبران کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت صدر بار رائے اظہر امتیاز کھرل ایڈووکیٹ منعقد ہوا۔ اجلاس میں بار اور وکلاء برادری کو درپیش مسائل، سالانہ ممبر شپ فیس، عزت و وقار اور درپیش مسائل کے پائیدار حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ شرکاء نے اتفاق کیا کہ منتخب رجیم ہمیشہ وکلاء کے حقوق اور بار کے مفاد کے لیے متحد ہو کر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

پنجاب بھر میں عوام کو خالص اور صحت بخش دودھ کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈی جی راجہ منصور کیلئے ایک کڑا امتحان اور بڑا چیلنج

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پنجاب بھر میں عوام کو خالص اور صحت بخش دودھ کی فراہمی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے ڈی جی راجہ منصور کیلئے ایک کڑا امتحان اور بڑا چیلنج بن چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کا ویژن بالکل واضح ہے۔ ملاوٹ سے پاک پنجاب اور ہر شہری کو خالص خوراک کی فراہمی۔ اسی ویژن کے تحت انہوں نے فوڈ اتھارٹی کو زیرو ٹالرنس پالیسی اور بڑے مافیاز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

Civil Tobacco Company (Pvt) Ltd
Bahawalnagar Punjab

Below is the retail price and the applicable Sales tax on our brand effective from 01-10-2026.The advertisement is being Published In Compliance with the Federal Excise General Order No. 3/2006.

Brand Name	Retail Price (Rs)	Sales Tax (Rs,)	Total (Rs.)
HONDA	161.02	28.98	190.0

حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، میاں محمد اشرف بھدرو

پاکپتن (نامہ نگار) انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی پاکپتن کے صدر معروف کاروباری شخصیت میاں محمد اشرف بھدرو نے کہا ہے کہ ملک احتجاج کا متحمل نہیں ہے، حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کا اعتماد کو بحال کرے اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اڑھتیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت سے ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے نہ صرف پالیسیوں میں تسلسل پیدا ہوگا بلکہ سستی پیداواری برامدات اور سرمایہ کاری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

شہر اقبال سیالکوٹ میں تجاوزات کے خلاف بڑی کارروائی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر ثاقب راجپوت) پیرا فورس کی جانب سے شہر کی شاہراہ روڑس روڈ پر تجاوزات کے خلاف کاروائی کی گئی۔ انچارج پیرا فورس ایس ڈی او اور اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ صفدر شبیر کی نگرانی میں مشترکہ کے دوران روڑس روڈ پر قائم تجاوزات کا جائزہ لیا گیا اور تجاوزات کے خاتمہ کے لیے اقدامات کیے گئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

پسرور چلتی ٹرین میں سوار ہونے کی کوشش کے دوران بھتر سالہ شخص گر کر زخمی ہو گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر ثاقب راجپوت) ریسکیو گیارہ ہائی کے مطابق رمضان ولد اللہ رکھا، عمر بھتر سال سکنہ فیصل کالونی پسرور چلتی ٹرین میں سوار ہونے کی کوشش کر رہا تھا کہ اچانک ہاتھ پھسلنے کے باعث ریلوے ٹریک سے ٹکرا گیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا 36 جوڑے روڈ کا دورہ

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کا 36 جوڑے روڈ کا دورہ، انہوں نے سیوریج لائنوں کی بچھائی کے بعد سڑک کی بحالی کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا فاروق نجیب نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے پر پیشرفت سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کے سڑک کی بحالی کا کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اوکاڑہ پولیس کا کریک ڈاؤن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) جرائم پیشہ عناصر کے خلاف اوکاڑہ پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے، مختلف تھانوں کی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے ڈکیتی اور چوری کے مقدمات میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا، جبکہ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کا مال مسروقہ بھی برآمد کیا گیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق تھانہ راوی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے عرصہ دراز سے ڈکیتی کے مقدمہ میں مطلوب ملزم اسلم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضہ سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

بوگس چیک دینے والے شخص کیخلاف مقدمہ درج

کامونکے (تحصیل رپورٹر) بوگس چیک دینے والے شخص کیخلاف مقدمہ درج۔ گذشتہ روز ایمن آباد پولیس نے محلہ نیو اسلام آباد کے محمد دلشاد کی درخواست پر ساڑھے چودہ لاکھ روپے کا بوگس چیک دینے پر لاہور کے طاہر بخاری کیخلاف مقدمہ درج کر لیا ہے۔

پنجاب بھر کے ویکسی نیٹرز کے مسائل کا شکار، 15 سال سے پروموشن التوا کا شکار

شیر گڑھ (عمران زاہد کھوکھر) پنجاب بھر کے ویکسی نیٹرز نے اپنے دیرینہ سروس مسائل کے فوری حل کے لیے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، وزیر صحت پنجاب خواجہ عمران نذیر اور گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پُرزور اپیل کی ہے۔ پنجاب ای پی آئی ویکسی

نیٹرز ویلفیئر فیڈریشن پنجاب رجسٹرڈ کے صوبائی صدر سید علی رضا شاہ، صوبائی جنرل سیکرٹری چوہدری مقبول احمد گجر اور ضلعی صدر ڈسٹرکٹ اوکاڑہ و صوبائی چیف آرگنائزر سیف اللہ نے ضلعی چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ و صدر مرکزی پریس کلب رجسٹرڈ شیر گڑھ عمران زاہد کھوکھر سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ویکسی نیٹرز گزشتہ 15 سال سے پروموشن کے جائز حق سے محروم ہیں، حالانکہ وہ دن رات فیلڈ میں بچوں کو مختلف مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے اور حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام کی کامیابی کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں۔ فیڈریشن رہنماؤں نے بتایا کہ محدود تنخواہوں کے باوجود ویکسی نیٹرز اپنی فیلڈ ڈیوٹی کی انجام دہی کے لیے پٹرول، سفری اخراجات اور موٹر سائیکلوں کی مرمت سمیت متعدد اخراجات اپنی جیب سے برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ پنجاب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

رانا مبشر علی سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے رفاقت علی، نکاح رجسٹرار، پی پی کو گرفتار کر لیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر ثاقب راجپوت) رانا مبشر علی سرکل آفیسر اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی سربراہی میں کارروائی کرتے ہوئے رفاقت علی ولد لیاقت علی نکاح رجسٹرار پی پی کو گرفتار کر لیا گیا، ملزم رفاقت علی ولد لیاقت علی نکاح رجسٹرار پی پی مقدمہ نمبر 2024\20 بجرم 420\486\471,PPC,PCA,47\2\58 تھا نہ اینٹی کرپشن سیالکوٹ میں مطلوب تھا، مزکورہ مقدمہ کی تفتیش مکمل ہو چکی ہے جو ڈیشل ایشن کی منظوری دی چکی ہے جبکہ دفعہ 512 ضابطہ فوجداری Cr.p.c کے تحت چلان عدالت اینٹی کرپشن میں جمع کروایا گیا اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سیالکوٹ کی جانب سے بدعنوانی اور اینٹی کرپشن میں ملوث (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

پٹرول اور L، G،p گیس سمیت سبزیوں کی قیمتوں میں روزانہ ہونے والے اتار چڑھاؤ نے عام خصوصاً سفید پوش طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا

(ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) ملک بھر کی طرح وزیر آباد میں بھی مہنگائی کا تسلسل برقرار ہے، جبکہ پٹرول اور L، G،p گیس سمیت سبزیوں کی قیمتوں میں روزانہ ہونے والے اتار چڑھاؤ نے عام خصوصاً سفید پوش طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ سرکاری ریٹ لسٹ جاری ہونے کے باوجود بازار میں قیمتوں میں واضح فرق دیکھنے میں آ رہا ہے، جس پر شہری تشویش کا اظہار کر رہے ہیں۔ سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ بڑی منڈیوں میں سبزیاں سرکاری نرخوں کے مطابق دستیاب نہیں ہوتیں اور وہاں موٹر چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کے باعث انہیں مہنگے داموں خریداری کرنا پڑتی ہے۔ ایسی صورتحال میں سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق فروخت کرنا ان کے لیے ممکن نہیں رہتا۔ شہریوں اور تاجروں کا کہنا ہے کہ اگر بڑی منڈیوں سے ہی سرکاری نرخوں پر خرید و فروخت کو یقینی بنایا جائے اور متعلقہ ادارے موثر نگرانی کریں تو سبزیوں کی قیمتوں میں استحکام آ سکتا ہے، جس سے مہنگائی کا بوجھ کم ہوگا اور سفید پوش طبقے کو بھی کچھ ریلیف مل سکے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

اللہ تعالیٰ کی ذات نے اساتذہ کرام کو بہت عظمت سے نوازا ہے، سیٹھ حافظ عبدالرحمان

کامونکے (تحصیل رپورٹر) امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث کامونکے سیٹھ حافظ عبدالرحمان نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات نے اساتذہ کرام کو بہت عظمت سے نوازا ہے۔ جو محنت کرتا ہے وہی مقام حاصل کرتا ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو مستقبل کا معمار بنانا چاہیے اسی سے ہماری شان اور عظمت ہے۔ اساتذہ کی محنت، قربانیوں اور رہنمائی کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے دنیا کے کئی ممالک میں 5 اکتوبر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

تقدیر بدلنے کیلئے مؤثر راستہ سرمایہ کاری ہے، سیمسن اقبال

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کرسچن بزنس الائنس کے صدر سیمسن اقبال نے کہا ہے کہ تقدیر بدلنے کیلئے مؤثر راستہ سرمایہ کاری ہے جو نوجوان کاروبار پر خصوصی توجہ دیتے ہیں کامیابی ان کے قدم چومتی ہے کاروبار محض آمدن کا ذریعہ نہیں بلکہ انسانی وقار خود اعتمادی اور معاشی استحکام میں اضافے کا اہم وسیلہ بھی ہے جب انسان اپنے پاؤں پر کھڑا ہوتا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

پولیس کی فوری کارروائی کے نتیجے میں ایک بڑی واردات ناکام

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) چنیوٹ کے علاقے عثمان آباد میں شہریوں کی بروقت ہشیاری اور پولیس کی فوری کارروائی کے نتیجے میں ایک بڑی واردات ناکام بنا دی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) کی اسپیشل ٹیم بن کر ایک شہری کو اغوا کرنے کی کوشش کرنے والے 4 جعلی اہلکاروں کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عثمان آباد میں 4 مشکوک افراد نے مقامی شہری محمد یونس کو زبردستی حراست میں لینے کی کوشش کی۔ ملزمان نے خود کو اینٹی نارکوٹکس فورس کی اسپیشل ٹیم کا اہلکار ظاہر کر رکھا تھا اور شہری کو بلیک میل کرتے ہوئے اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ واردات کے دوران جب مقامی شہریوں کو شک ہوا تو انہوں نے ملزمان سے پوچھ گچھ کی اور سرکاری شناخت طلب کی، تاہم وہ نہ تو کوئی سرکاری وردی پیش کر سکے اور نہ ہی کوئی آفیشل شناختی کارڈ دکھا سکے۔ حالات کی حساسیت کو بھانپتے ہوئے علاقہ مکینوں نے بلا تاخیر پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی، جس کے نتیجے میں ایک بڑی واردات ناکام ہو گئی۔ اطلاع ملتے ہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

گلوبل ورلڈ کے تمام شعبوں میں سب سے اعلیٰ مقام ماہر تعلیمات واستاتذہ کے مرہون منت ہے، فرخندہ زہرہ مہر آرائیں

دیپال پور (امام دین + نامہ نگار) ممتاز ماہر تعلیم و ہیڈ مسٹرس گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول پیر دی بستی دیپال پور میڈم فرخندہ زہرہ مہر آرائیں نے عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر سکول میں منعقدہ تقریب سے طالبہ اور ان کے والدین سے خطاب کرتے ہوئے کہا گلوبل ورلڈ کی تمام ترقی یافتہ اور ترقی پزیر قوموں کی ترقی و کامرانی کا راز اس قوم کے ماہر تعلمات کی اعلیٰ وارفع صلاحیتوں کے مرہون منت ہے اور گلوبل ورلڈ کے تمام شعبوں میں سب سے اعلیٰ مقام ماہر تعلیمات واستاتذہ کے مرہون منت ہے اور گلوبل ورلڈ کی قوموں کی سول سوسائٹز میں سب سے پہلے ماہر تعلیمات اور استاتذہ کو ہی عزت و توقیر سے نوازتی ھے، کسی بھی شعبے کے سائنسدان، آئی ٹی انجنیئرز، میڈیکل سائنس، عدلیہ کے ججز، اسٹیبلشمنٹ، دفاعی ماہرین، ترقی یافتہ علی کی پشت پر جدید ٹیکنالوجی اور جدید یو آئی ٹیکنالوجی کے ماہرین کو ماہر تعلمیات اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

اوکاڑہ میں صفائی کا گرینڈ آپریشن جاری، شہر و دیہات میں صفائی سرگرمیاں تیز

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل بھر میں صفائی کا گرینڈ آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور میونسپل ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایات پر شہر اور دیہات کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے اقدامات مزید تیز کر دیے گئے ہیں صفائی آپریشن ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر کی زیر نگرانی جاری ہے ستھرا پنجاب کی صفائی ٹیمیں مختلف علاقوں میں متحرک ہو کر شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے خدمات سرانجام دے رہی ہیں صفائی آپریشن کے دوران تمام علاقوں میں مینول سویپنگ، نالیوں کی صفائی وڈی سلٹنگ، کوڑا کرکٹ کی اٹھان، گھر گھر سے کچرے کی جمع آوری اور مکینیکل واشنگ کا سلسلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

مصطفیٰ آباد: مریم نواز ہسپتال کی نئی عمارت کا افتتاح چوہدری محمد الیاس خان گجر نے کیا

مصطفیٰ آباد: مریم نواز ہسپتال کی نئی عمارت کا افتتاح چوہدری محمد الیاس خان گجر نے کیا، شہریوں کو مقامی سطح پر بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کا عزم

مصطفیٰ آباد: (نامہ نگار) مریم نواز ہسپتال کی نئی عمارت کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی ہیلتھ پنجاب و ایم پی اے حلقہ پی پی 176 چوہدری محمد الیاس خان گجر نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ایم ایس مریم نواز ہسپتال عطا الحق، مہر علی مہران صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176، چوہدری یٰسین گل، خرم نصر اللہ، امجد رحمانی سمیت دیگر نمائندہ شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چوہدری محمد الیاس خان گجر نے کہا کہ عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 20)

نیلامی کی آڑ میں وادی سون کے نواحی موضع کفری موڑ سے انگہ روڈ پر صدیوں پرانے درختوں کی کٹائی جاری

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) نیلامی کی آڑ میں وادی سون کے نواحی موضع کفری موڑ سے انگہ روڈ پر صدیوں پرانے درختوں کی کٹائی جاری ہے وادی سون کی تاریخ اور قدرتی حسن شدید خطرے میں ہے سرسبز اور صحت مند درخت بھی کلہاڑی کی زد میں آ گئے تفصیلات کے مطابق کفری موڑ سے انگہ روڈ پر موجود تقریباً ایک صدی پرانے قیمتی اور تاریخی درختوں کی نیلامی کے بعد ان کی بے دردی سے کٹائی کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے اس افسوس ناک عمل کے دوران متعلقہ محکمہ اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

توجہ برائے نمائندگان، نیوز ایجنٹ
MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ سحر
نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں
0331-4667648
0321-4618852

ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن وقاص احمد گل کے ہمراہ جھمرہ روڈ پر مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کے اچانک دورے

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن وقاص احمد گل کے ہمراہ جھمرہ روڈ پر مختلف سرکاری تعلیمی اداروں کے اچانک دورے کیے اور سکولوں میں جاری تعلیمی سیشن، طلباء و طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات، صفائی ستھرائی سمیت دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول طالب والا، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نمبر 125 ج ب اور گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چک نمبر 125 ج ب تحصیل چنیوٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلباء و طالبات سے ان کی تعلیمی سرگرمیوں، پڑھائی اور سکول میں دستیاب سہولیات کے حوالے سے براہِ راست دریافت کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں پینے کے صاف پانی کی دستیابی، واش رومز کی صفائی، کلاس رومز میں روشنی اور ہوا کے مناسب انتظامات، طلباء کے بیٹھنے کی سہولیات، صفائی ستھرائی اور کمپیوٹر لیبز کی فعالیت سمیت دیگر امور کا جائزہ لیا۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں سے خیریت دریافت کی، صحت، بچوں کی تعلیم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کے لیے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کو تندہی سے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کرپشن کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والی کالی بھیڑوں کیخلاف سخت محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

سب ڈویژنل پولیس آفیسر بھیرہ شہزاد منظور و دیگر کا گروپ فوٹو

جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں بلا خوف و خطر ادا کر رہی ہے، شہزاد منظور

بھیرہ تحصیل رپورٹر فرحان ظفر بھٹی) سب ڈویژنل پولیس آفیسر بھیرہ شہزاد منظور نے کہا ہے کہ علاقے سے جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں بلا خوف و خطر ادا کر رہی ہے، سماج دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ عوام بھی اپنے اردگرد مشکوک اور سماج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس سے تعاون کریں۔ وہ بھیرہ پریس کلب (رجسٹرڈ) کے وفد سے گفتگو کر رہے تھے۔ وفد میں خواجہ کامران نسیم، ظفر اقبال کھوکھر، عطاالرحمٰن اقبال، مہر محمد بلال طاہری، محمد عظمت اقبال اور فرحان ظفر بھٹی شامل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

پتوکی تحصیل بھر میں مہنگائی کا نیا دباؤ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں شہریوں کی پہنچ سے باہر ہونے لگیں گھریلو بجٹ شدید متاثر

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی تحصیل بھر میں مہنگائی کا نیا دباؤ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں شہریوں کی پہنچ سے باہر ہونے لگیں گھریلو بجٹ شدید متاثر تفصیلات کے مطابق پتوکی شہر اور گرد و نواح میں اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عام شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا مہنگائی کے مسلسل دباؤ کے باعث متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کے لیے روزمرہ اخراجات پورے کرنا دشوار ہو گیا آٹا چینی دالیں گھی خوردنی تیل سبزیاں گوشت اور دیگر بنیادی اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ نے شہریوں کے ماہانہ بجٹ کو شدید متاثر کیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ آمدن میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہونے کے باوجود روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتی

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے طلباء کی روڈ سیفٹی کے لئے موٹروے پولیس اور یونیورسٹی انتظامیہ کا اہم اجلاس

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ''محفوظ پنجاب وژن'' کے تحت اوکاڑہ میں اوورسپیڈنگ کے خلاف کیمرہ مانیٹرنگ کا باقاعدہ آغاز

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ''محفوظ پنجاب وژن'' کے تحت اوکاڑہ میں اوورسپیڈنگ کے خلاف کیمرہ مانیٹرنگ کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر، آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم، ڈی پی او اوکاڑہ اسد اعجاز ملہی اور ڈی ایس پی ٹریفک اوکاڑہ سربالی خان کی ہدایات پر سٹی ٹریفک پولیس اوکاڑہ کی جانب سے ضلع بھر میں تیز رفتاری کے خلاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

سول ڈیفنس کی ٹیمیں دن رات متحرک ہیں اور عصری تقاضوں کے مطابق حفاظتی اقدامات کو یقینی بنا رہی ہیں، ریحان وڑائچ

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) سول ڈیفنس کی ٹیمیں دن رات متحرک ہیں اور عصری تقاضوں کے مطابق حفاظتی اقدامات کو یقینی بنا رہی ہیں۔ ریحان وڑائچ۔ ہنگامی صورتحال قدرتی آفات، آتشزدگی اور دیگر حادثات سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات اور عوامی آگاہی انتہائی ضروری ہے ان خیالات کا اظہار ریحان وڑائچ نے ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس بہاولنگر کا چارج سنبھال کر اپنے آفس میں سیکرٹری کوار ڈینیشن بہاولنگر پریس کلب محمد رفیق رحمانی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رفیق رحمانی نے ریحان وڑائچ کو ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ سول ڈیفنس کے امور کو مزید بہتر بنانے اور عوامی خدمت کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس ریحان وڑائچ نے کہا کہ سول ڈیفنس کے تمام افسران و اہلکار اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں ادا کرتے ہوئے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کریں گے۔ شہریوں کو ہنگامی حالات میں احتیاطی تدابیر اختیار کرنے، فائر سیفٹی اور دیگر حفاظتی اصولوں پر عملدرآمد کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا سول ڈیفنس کی اہم ذمہ داری ہے اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ عوام سے اپیل ہے کہ وہ کسی بھی مشتبہ یا غیر قانونی سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر سول ڈیفنس کو دیں تاکہ انسانی جانوں کو کسی بڑے حادثے سے محفوظ رکھا جا سکے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان سی او ایجوکیشن وقاص احمد کے ہمراہ مختلف تعلیمی اداروں کا وزٹ کرتے ہوئے

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر پولیس سروسز فراہم کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنسنگ یونٹ نے دیہی علاقوں میں لوگوں کی دہلیز پر مختلف پولیس سروسز فراہم کیں۔ اہل علاقہ نے موبائل پولیس اسٹیشن اینڈ لائسنگ یونٹ کی سروسز کو خوب سراہا اور حکومت پنجاب کا شکریہ ادا کیا۔ اس حوالے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

گنجان آباد ڈسکہ سیالکوٹ روڈ شہریوں کیلئے وبالِ جان، سکولوں، کالجوں کے طلبہ، کاروباری مراکز میں آنے جانے والے غیر محفوظ

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) گنجان آباد ڈسکہ سیالکوٹ روڈ شہریوں کیلئے وبالِ جان، سکولوں، کالجوں کے طلبہ، کاروباری مراکز میں آنے جانے والے غیر محفوظ، گنجان آباد ڈسکہ سیالکوٹ روڈ شہریوں کیلئے وبالِ جان بن گیا۔ سڑک کے دونوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کے نوٹس پر سابق تفتیشی افسر سب انسپکٹر احمد نواز اور سابق محرر ہیڈ کانسٹیبل محمد بلال کے خلاف مقدمہ درج

گجرات (سید طارق حسین +زیڈ اے بھٹی) مقدمہ قتل کی تفتیش میں مبینہ جعلسازی، ریکارڈ میں بے ضابطگیوں اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر ڈی پی او گجرات کا ایکشن ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کے نوٹس پر سابق تفتیشی افسر سب انسپکٹر احمد نواز اور سابق محرر ہیڈ کانسٹیبل محمد بلال کے خلاف مقدمہ درج، مقدمہ قتل کی تفتیش میں بے ضابطگیوں پر انکوائری رپورٹ مرتب، تھانہ صدر گجرات کے قتل کے مقدمہ کی تفتیش میں مبینہ جعلسازی کا انکشاف سامنے آیا۔ انکوائری رپورٹ، بیرون ملک روپوش اشتہاری کو مبینہ طور پر بے گناہ قرار دیا گیا۔ قتل کے مقدمہ میں تفتیشی ریکارڈ میں بھی مبینہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح سویرے تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا اچانک دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے صبح سویرے تحصیل سیالکوٹ اور سمبڑیال کا اچانک دورہ کیا اور مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سیالکوٹ میں مواضع ہڑر، بھڑتھ اور بھوتھ جبکہ سمبڑیال سٹی اور بھوپالوالہ میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران مختلف مقامات پر نالیوں کی صفائی نہ ہونے اور کوڑے کے ڈھیروں کی موجودگی پر ڈپٹی کمشنر نے برہمی کا اظہار کیا اور متعلقہ افسران و عملہ کو صفائی کے معیار میں فوری بہتری لانے کی ہدایت کی۔ ناقص کارکردگی پر ڈسٹرکٹ مینیجر کی سرزنش کرتے ہوئے کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی گئی جبکہ ایک فیلڈ مانیٹرنگ آفیسر کو ناقص کارکردگی پر ملازمت سے فارغ اور دو فیلڈ مانیٹرنگ افسران کو معطل کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے کہا کہ صفائی کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، صفائی میں غفلت برتنے والے افسران و اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فیلڈ میں جاری صفائی آپریشن کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے اور نالیاں، گلیاں اور دیگر عوامی مقامات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

والدین کی روک ٹوک سے دل برداشتہ ہو کر 24 سالہ نوجوان طالب علم نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) والدین کی روک ٹوک سے دل برداشتہ ہو کر 24 سالہ نوجوان طالب علم نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا خودکشی کا واقع مسعود ٹاؤن رینالہ خورد میں پیش آیا تفصیلات کے مطابق آبادی مسعود ٹاؤن کے رہائشی یونیورسٹی آف اوکاڑہ کے طالب علم 24 سالہ نوجوان نے والدین کی روک ٹوک پر دل برداشتہ ہو کر گندم میں رکھنے والی زہریلی گولیاں کھالیں جسپر اسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا اور دم توڑ گیا۔

محمد بوٹا مرحوم کی وفات پر اظہارِ تعزیت

نکانہ صاحب (تحصیل بیورو چیف محمد عرفان رفیع) یوتھ اسمبلی فار ہیومن رائٹس نکانہ صاحب کے چیئرمین ڈاکٹر عبدالقادر اور انفارمیشن سیکرٹری ڈاکٹر کلیم اللہ جٹ وڑائچ کے تایا جان، ڈاکٹر رضا نکانہ صاحب تو وقف املاک بورڈ حکومت پاکستان کے سابق اسٹاف آفیسر تو چیئرمین محمد بوٹا مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ تعزیتی بیان میں مرحوم کی وفات کو اہلِ خانہ اور عزیز و اقارب کے لیے بڑا صدمہ قرار دیتے ہوئے ان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

ٹیچر ڈے کے موقع پر ضلع اوکاڑہ کے سرکاری سکولوں میں شاندار تدریسی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک تقریب کا انعقاد

رینالہ خورد (آصف شہزاد جٹ) ٹیچر ڈے کے موقع پر ضلع اوکاڑہ کے سرکاری سکولوں میں شاندار تدریسی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کے لیے ایک تقریب کا انعقاد گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول اوکاڑہ میں کیا گیا، جس میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈز سے نوازا گیا۔ تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ عبدالجبار گجر، سی ای او ایجوکیشن اوکاڑہ میڈم شازیہ بانو، ڈی ای او ایلیمنٹری راؤ صغیر احمد، ڈی ای او سیکنڈری جمیل احمد رضوی ڈپٹی ڈی ای او رینالہ خورد سید فرید الحسن شاہ سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ تحصیل رینالہ خورد کے مختلف سرکاری سکولوں سے نمایاں تدریسی خدمات انجام دینے والے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 1/16 اے ایل کے سینئر ٹیچر چوہدری عامر شہزاد جٹ، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 1/32 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری خلیل احمد رندھاوا اور گورنمنٹ پرائمری سکول 1/12 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری جاوید اقبال کو ان کی بہترین تدریسی خدمات کے اعتراف میں بیسٹ ٹیچر ایوارڈز سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

اساتذہ کو ہیرو ایوارڈز تقسیم کرنے کیلئے مقامی مارکی میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اساتذہ کو ہیرو ایوارڈز تقسیم کرنے کیلئے مقامی مارکی میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کو ہیرو ایوارڈز اور تعریفی اسناد سے نوازا۔ تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن سیالکوٹ سعید اصغر، مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہان، اساتذہ اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران نجی تعلیمی اداروں سے وابستہ اساتذہ کی خدمات اور شاندار کارکردگی کو بھی خصوصی طور پر سراہا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر اویس مشتاق نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر کے ہر گلی محلے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے، محمد اکرام ملک

رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع اوکاڑہ بھر کے ہر گلی محلے میں صفائی ستھرائی کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے" میں خود ستھرا پنجاب کے کاموں کی مکمل مانیٹرنگ کر رہا ہوں اور فیلڈ میں بھی متحرک ہوں ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک نے کیا انہوں نے کہا کہ عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے خود فیلڈ میں متحرک ہوا ہوں اور اس سلسلہ میں انشاءاللہ اوکاڑہ کو ستھرا پنجاب کا نمبر ون ضلع بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے گزشتہ روز بھی انہوں نے اوکاڑہ "دیپالپور" رینالہ خورد میں گلی محلوں کا وزٹ کیا اور اس دوران صفائی کی صورتحال اور ویسٹ مینجمنٹ ٹیموں کے کام کا معائنہ بھی کیا۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ فیلڈ سٹاف کو خوش اسلوبی اور جانفشانی سے صفائی امور جاری رکھنے کی ہدایات دی ہیں جبکہ شہریوں کو کوالٹی سروسز فراہم کرنے کے لیے فعال مانیٹرنگ میکانزم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

حکومتی احکامات کے باوجود بہاولنگر میں منی آرا مشینوں اور لکڑی کے ٹالوں کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی

بہاولنگر (رائے عرفان عابد سے) تفصیل بہاولنگر حکومت پنجاب کی جانب سے جنگلات کے تحفظ اور آرا مشینوں و لکڑی کے کاروبار کو منظم کرنے کے لیے جاری احکامات کے باوجود بہاولنگر شہر اور گردونواح میں منی آرا مشینوں اور لکڑی کی ٹالوں کی بھرمار پر تاحال مؤثر کارروائی سامنے نہیں آسکی۔ شہریوں کے مطابق بہاولنگر شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کے کنارے منی آرا مشینیں نصب کر کے دن رات لکڑی کاٹنے اور برادہ سڑکوں پر پھینکنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث نہ صرف پیدل چلنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہے بلکہ موٹر سائیکل سواروں اور دیگر ٹریفک کے لیے بھی حادثات کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

استاد پروفیسر ڈاکٹر محمد تحسین نے لسانیات میں پی ایچ ڈی مکمل کر لی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ کے مایہ ناز استاد پروفیسر ڈاکٹر محمد تحسین نے لسانیات میں پی ایچ ڈی مکمل کر لی۔ گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ کے شعبہ انگریزی سے وابستہ پروفیسر ڈاکٹر محمد تحسین نے لسانیات کے شعبے میں پی ایچ ڈی کی ڈگری کامیابی سے مکمل کر لی ہے۔ ان کی اس علمی و تحقیقی کامیابی پر پرنسپل گورنمنٹ مرے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، چوہدری سہیل احمد

پاکپتن (نامہ نگار) معروف کاروباری شخصیت چوہدری سویٹس اینڈ بیکرز نگینہ چوک/ پرانا ریلوے پھاٹک پاکپتن کی چیف ایگزیکٹو چوہدری سہیل احمد نے کہا ہے کہ ملک احتجاج کا متحمل نہیں ہے، حکومت اور اپوزیشن کو ملکی معیشت کے وسیع تر مفاد میں فوری طور پر میثاق جمہوریت اور میثاق معیشت پر پیشرفت کرنی چاہیے، پاکستان کی موجودہ معاشی صورتحال میں سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایسے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے جو سرمایہ کاروں کا اعتماد کو بحال کرے اور کاروباری طبقے کو استحکام فراہم کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ میثاق جمہوریت سے ادارے مضبوط ہوں گے اور میثاق معیشت سے نہ صرف پالیسیوں میں تسلسل پیدا ہوگا بلکہ سستی پیداواری برامدات اور سرمایہ کاری میں بھی خاطر خواہ اضافہ ممکن ہو سکے گا سیاسی عدم استحکام کی وجہ سے جہاں سرمایہ کار پریشان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل کا محلّہ غوث پورہ کا دورہ، صفائی و تجاوزات کے خاتمے کے سخت احکامات

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل حارث حمید خان نے محلّہ غوث پورہ کا انتظامی دورہ کیا جہاں انہوں نے صفائی ستھرائی کی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو فوری طور پر صفائی کے انتظامات بہتر بنانے کے سخت احکامات جاری کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیرا فورس، ستھرا پنجاب کے افسران اور سابق مقامی کونسلر رانا ارشد کے ہمراہ علاقے کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے گلیوں میں موجود ملبہ، اینٹیں، رکاوٹیں اور غیر ضروری سامان فوری طور پر ہٹانے کی ہدایت کی تاکہ شہریوں کی آمدورفت میں آسانی پیدا ہو اے سی حارث حمید خان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ دو روز کے اندر صفائی کا نظام بہتر بنایا جائے، گلیوں سے ملبہ اور اینٹیں اٹھوا کر راستے بحال کیے جائیں جبکہ نالیوں کی صفائی اور کوڑا کرکٹ اٹھانے کا کام بھی مکمل کیا جائے۔ انہوں نے صفائی کے اقدامات کی رپورٹ پیش کرنے کی بھی ہدایت کیا سسٹنٹ کمشنر نے ریڑھیوں اور دیگر تجاوزات کے حوالے سے بھی متعلقہ حکام کو ضروری کارروائی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل کا محلّہ غوث پورہ کا دورہ، صفائی و تجاوزات کے خاتمے کے سخت احکامات

سیاسی و سماجی شخصیت محمد جاوید بھٹی نے ایم پی اے میاں فاروق خان مانیکا سے خصوصی ملاقات کی

پاکپتن (نامہ نگار) سیاسی و سماجی شخصیت محمد جاوید بھٹی نے ایم پی اے میاں فاروق خان مانیکا سے خصوصی ملاقات کی، ملاقات کے دوران سیاسی و سماجی شخصیت محمد جاوید بھٹی نے علاقے میں عوامی فلاح و بہبود کیلئے مختلف کام کروانے پر میاں فاروق خان مانیکا کو مبارکباد پیش کی اور ان کی جانب سے علاقائی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کیلئے کی جانیوالی کاوشوں کو سراہا، محمد جاوید بھٹی نے کہا کہ عوامی نمائندگان کی جانب سے علاقے کے بنیادی مسائل پر توجہ دینا اور فلاحی سرگرمیوں کو فروغ دینا خوش آئند اقدام ہے ملاقات کے دوران علاقے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور فلاحی و ترقیاتی امور سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، اس موقع پر محمد جاوید بھٹی نے اس امید کا اظہار کیا کہ علاقے میں عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی کاموں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

حکومتی احکامات کے باوجود بہاولنگر میں منی آرا مشینوں اور لکڑی کے ٹالوں کے خلاف کارروائی نہ ہو سکی..

کلرکس برادری کی خدمت، اتحاد اور حقوق کے تحفظ کے جذبے کے تحت میدانِ انتخاب میں اترا ہوں، سفیان طور

کاموں کے کلرکس کے سالانہ انتخابات کے سلسلہ میں امیدوار برائے صدر مجاہد بھٹی گروپ لیڈر سفیان طور نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ وہ کلرکس برادری کی خدمت، اتحاد اور حقوق کے تحفظ کے جذبے کے تحت میدانِ انتخاب میں اترے ہیں۔ ان کا مقصد صرف عہدہ حاصل کرنا نہیں بلکہ کلرکس برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اور مؤثر کردار ادا کرنا ہے۔ مجاہد بھٹی نے کہا کہ کلرکس برادری وکلاء اور سائلین کے درمیان قانونی نظام کا ایک اہم حصہ ہے، اس لیے کلرکس کے جائز مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ منتخب ہونے کے بعد وہ ساتھی کلرکس کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کروانے کے لیے بھرپور کوشش کریں گے اور کسی بھی ساتھی کو اکیلا نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی سیاست اور انتخابی جدوجہد ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر اجتماعی مفاد کے لیے ہے۔ وہ کلرکس برادری میں باہمی احترام، اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دینے کے خواہاں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام ساتھیوں سے مشاورت کے ذریعے ایسے اقدامات کیے جائیں گے جن سے کلرکس برادری کو حقیقی معنوں میں فائدہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

چار وارداتوں میں نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا جہیز کا سامان، موٹر سائیکل اور ٹرانسفارمر سمیت دیگر سامان چوری

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں میں چوری کی چار وارداتوں میں نامعلوم چور لاکھوں روپے مالیت کا جہیز کا سامان، موٹر سائیکل اور ٹرانسفارمر سمیت دیگر سامان چوری کر کے لے گئے، پولیس نے کارروائی شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر ننکانہ کے علاقے ٹھٹھہ عیسیٰ میں الطاف حسین وسیر سکنہ چک نمبر 58/6 کے زرعی رقبے سے نامعلوم چور 8 لاکھ روپے مالیت کا ٹرانسفارمر چوری کر کے لے گئے۔ تھانہ مانگٹانوالہ کے علاقے منگوتارو میں شوکت علی کے گھر سے نامعلوم چور اس کی بیٹی کے جہیز کا سامان، بستر وغیرہ چوری کر کے لے گئے۔ اسی طرح تھانہ مانگٹانوالہ کے علاقے الشفیع پلازہ چوک موڑ کھنڈا سے غلام شبیر کی موٹر سائیکل نمبر LEN-1871 نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے۔ دریں اثناء تھانہ مانگٹانوالہ کے علاقے بلاتی خورد میں عمران (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

وفاقی محتسب کا آن لائن ریویو اجلاس، علاقائی دفاتر کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

بہاولپور (بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف سے) وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ کی زیرِ صدارت 6 اکتوبر 2026 کو آن لائن ریویو اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملک بھر کے علاقائی دفاتر کی کارکردگی، عوامی شکایات کے ازالے، مقدمات کی رجسٹریشن، نمٹانے اور عملدرآمد سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران وفاقی محتسب ریجنل آفس بہاولپور کی کارکردگی پر بھی تفصیلی گفتگو کی گئی۔ ریجنل آفس بہاولپور کی جانب سے ریجنل ہیڈ و ایڈوائزر شوکت محمود، سینئر ایڈوائزر طاہر نواز خان، ایسوسی ایٹ ایڈوائزر باسط عزیز خان جھیڈ و اور ڈپٹی ڈائریکٹر حسن غلام محمد نے اجلاس میں شرکت کی اور ریجنل آفس کی مجموعی کارکردگی، مقدمات کی رجسٹریشن، ڈسپوزل، عملدرآمد اور عوام کو فراہم کیے جانے والے ریلیف کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کی۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اجلاس کے دوران ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے کے عمل کو مزید تیز، مؤثر اور آسان بنایا جائے اور سائلین کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ عوام کو اپنے مسائل کے حل کے لیے غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے بلکہ شکایات کے ازالے کا نظام عام آدمی کے لیے زیادہ سہل اور قابلِ رسائی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 49)

سی ای او ایجوکیشن ننکانہ صاحب شفقت محمود کا محکمہ تعلیم سے کرپشن اور کرپٹ عناصر کے خاتمہ کا مشن



ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) سی ای او ایجوکیشن ننکانہ صاحب شفقت محمود کا محکمہ تعلیم سے کرپشن اور کرپٹ عناصر کے خاتمہ کا مشن، گزشتہ 13 سالوں سے محکمہ تعلیم میں غیر قانونی طور پر تعینات محکمہ لیٹریسی کے سٹینوگرافر محمد اظہر کو فوری طور پر متعلقہ محکمہ میں رپورٹ کرنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ لیٹریسی ڈیپارٹمنٹ سٹینوگرافر محمد اظہر عرصہ تقریباً 13 سال سے محکمہ تعلیم میں بغیر کسی تحریری آرڈر کے افسران بالا سے مبینہ طور پر ملی بھگت کر کے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہا تھا اس دوران وہ بطور پرسنل اسسٹنٹ سمیت دیگر اہم سیٹوں پر تعینات رہا جس نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا تھانہ صدر لالہ موسیٰ کا وزٹ

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کا تھانہ صدر لالہ موسیٰ کا وزٹ اس موقع پر انھوں نے تھانہ کے ریکارڈ، فرنٹ ڈیسک، حوالات، صفائی کے انتظامات اور افسران و ملازمین کی حاضری اور شہریوں کی شکایات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ڈی پی او گجرات نے پولیس افسران و ملازمین کو فرائض کی انجام دہی میں نظم و ضبط اور ذمہ داری کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ کے مقدمات میں 11 ملزمان گرفتار، کمبوڈیا میں جبری آن لائن اسکیمنگ کا چشم کشا انکشاف

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ کے مقدمات میں 11 ملزمان گرفتار، کمبوڈیا میں جبری آن لائن اسکیمنگ کا چشم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

ایس ایچ او تھانہ نیکا پورہ انسپکٹر جہانزیب خان نے بروقت کارروائی کر کے گمشدہ زیورات سے بھرا ہینڈ بیگ تلاش کر کے اہلِ خانہ کے حوالے کر دیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) ایس ایچ او تھانہ نیکا پورہ انسپکٹر جہانزیب خان نے بروقت کارروائی کر کے گمشدہ زیورات سے بھرا ہینڈ بیگ تلاش کر کے اہلِ خانہ کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ نیکا پورہ میں علی ریاض نامی شخص نے درخواست دائر کی کہ فیملی کے ہمراہ سفر کے دوران نیکا پورہ پل کے قریب ان کا ہینڈ بیگ کہیں گر گیا ہے، جس میں قیمتی طلائی زیورات موجود تھے۔ جس پر ایس ایچ او انسپکٹر جہانزیب خان نے اطلاع ملتے ہی پولیس ٹیم روانہ کی۔ ٹیم نے سیف سٹی کیمروں کی مدد سے ہینڈ بیگ کا سراغ لگا کر اسے تلاش کیا اور بحفاظت فیملی کے سپرد کر دیا۔ پولیس کی بروقت کارروائی اور بھرپور تعاون پر شہری کا اظہار تشکر۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ''اپنی چھت، اپنا گھر'' منصوبے کیلئے بین الاقوامی اعزاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں، الحاج شیخ عابد حسین

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) الشیخ ویلفیئر فاؤنڈیشن ڈسکہ کے صدر الحاج شیخ عابد حسین، شیخ محمد الطاف، شیخ ثاقب حمید ایڈووکیٹ، شیخ بلال عابد ایڈووکیٹ، شیخ وقاص منیر، شیخ محمد فاروق اور سیکرٹری انفارمیشن شیخ ضیاء اللہ نے اپنے مشترکہ بیان میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ''اپنی چھت، اپنا گھر'' منصوبے کیلئے بین الاقوامی اعزاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے قابل فخر کامیابی قرار دیا ہے۔ الشیخ ویلفیئر فاؤنڈیشن کی قیادت نے کہا ہے کہ اس منصوبے کو عالمی سطح پر ملنے والی پذیرائی پنجاب کے عوام کیلئے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 51)

تیز رفتار موٹر سائیکل گر کر نوجوان شدید زخمی

کاموں کے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ گذشتہ روز سلامت پورہ کا اٹھارہ سالہ عاصم موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں پرانی آبادی کی بارہ سالہ آمنہ، اکیس سالہ مجاہد، تھلے عالی روڈ کا سترہ سالہ بلال، سادھوکی کا اٹھارہ سالہ سفیان اور موڑ ایمن آباد کا سولہ سالہ محمد سبحان شدید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 52)

سیالکوٹ: ایف آئی اے کی کارروائیاں، انسانی اسمگلنگ کے مقدمات میں 11 ملزمان گرفتار

سیاسی نمائندگی کے باوجود ڈھلم بلکن مسائل کی دلدل میں، مین بازار جوہڑ کا منظر پیش کرنے لگا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) سیاسی نمائندگی کے باوجود ڈھلم بلکن مسائل کی دلدل میں، مین بازار جوہڑ کا منظر پیش کرنے لگا سمبڑیال کا موضع ڈھلم بلکن بنیادی سہولیات اور شہری مسائل کے حوالے سے مسلسل توجہ کا منتظر ہے، ج

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

پی ٹی آئی ذاتی مفادات چھوڑ کر مذاکرات کی طرف آئے

وزیراعظم کے مشیر رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ذاتی مفادات چھوڑ کر مذاکرات کی طرف آئے، دروازے کھلے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنااللہ نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، تاہم ریاست کو یرغمال بنا کر کوئی مطالبہ تسلیم نہیں کرایا جاسکتا۔ انہوں نے پی ٹی آئی پر زور دیا کہ وہ ذاتی مفادات سے بالاتر ہوکر مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کی جانب آئے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام کا آغاز 2014 میں ہوا اور یہ سلسلہ آج تک جاری ہے۔ 2014 میں اسلام آباد پر چڑھائی کے بعد وفاقی دارالحکومت کا گھیراؤ پی ٹی آئی کی سیاست کا بنیادی نکتہ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک مرتبہ پھر اسلام آباد پر چڑھائی کی کوشش کررہی ہے اور اس کا واحد ایجنڈا ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا ہے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ سیاسی اختلافات کا حل مذاکرات ہی کے ذریعے ممکن ہے، اس لیے پی ٹی آئی ذاتی مفادات کو ایک طرف رکھ کر مسائل کے حل کی طرف بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ قانون قومی مفاد پر ذاتی مفاد کو ترجیح دینے کی اجازت نہیں دیتا۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی خیبر پختونخوا حکومت کے وسائل استعمال کررہی ہے۔ اسی طرح مذاکرات میں پیدا ہونے والے ڈیڈ لاک کو غلط انداز میں پیش کیا جارہا ہے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ 4 اکتوبر سے اب تک پی ٹی آئی صرف چند ہزار افراد ہی جمع کرسکی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کو یرغمال بنا کر کسی بھی قسم کا مطالبہ منوانا ممکن نہیں۔ افغانستان سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنااللہ نے کہا کہ افغان رجیم کو باور کرایا گیا ہے کہ اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہونے دے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے متعلق پالیسی پر پوری قوم متفق ہے، تاہم پی ٹی آئی اس افغان پالیسی سے اتفاق نہیں کرتی۔ دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کا ذکر کرتے ہوئے مشیر وزیراعظم نے سوال اٹھایا کہ کسٹمز اور پولیس کے شہدا کیا کسی سیاسی جماعت یا دوسرے صوبے سے تعلق رکھتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کا سلسلہ جاری رہے گا۔ دوسری جانب چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، مذاکرات ضرور ہونے چاہئیں مگر کسی شرط کے بغیر ہونے چاہئیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات پر بیٹھنا آسان نہیں تھا، ہم بڑی مشکل سے بیٹھے تھے، اٹھنا نہیں چاہیے تھا، جس نے بھی کہا چلیں ختم کریں، ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا، ہم اپنی طرف سے بیٹھے رہے، مذاکرات ختم ہونے کے بعد باہر آکر بیانات بڑا غلط عمل تھا اس سے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے، ملک، قوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا بڑا ضروری ہے۔ انہوں ں ے کہا کہ اس وقت صوبے کے حالات بڑے سنگین ہیں ملک اس وقت غیر آئینی، غیر قانونی اور عوام کی مرضی کے بغیر صورتحال کا متحمل نہیں ہوسکتا، ہر حال میں مذاکرات کے ذریعے بہتری کی طرف جانا چاہیے۔

لیہ میں اردو شعر و ادب کا سفر صحیح سمت میں رواں دواں ہے



پروفیسر ڈاکٹر مزمل حسین

شہروں کی عظمت کا پیمانہ محض بلند و بالا عمارات، کشادہ شاہراہوں، بڑے شاپنگ مالز یا ظاہری ترقی کے دوسرے مظاہر نہیں ہوتے۔ کسی شہر کی اصل شناخت اس کی فکری بالیدگی، علمی روایت، تخلیقی مزاج اور تہذیبی شعور سے متعین ہوتی ہے۔ وہ شہر زیادہ دیرپا معنویت حاصل کرتے ہیں جہاں سوال اٹھانے والے ذہن، خواب دیکھنے والی آنکھیں، لفظ کو معنی میں ڈھالنے والے قلم اور اپنے عہد کو سمجھنے کی صلاحیت رکھنے والے اہلِ علم پیدا ہوتے رہیں۔ اس اعتبار سے اگر جنوبی پنجاب کے ادبی نقشے پر نگاہ ڈالی جائے تو لیہ ایک ایسے شہر کے طور پر سامنے آتا ہے جس نے محدود وسائل اور نسبتاً کم آبادی کے باوجود اردو شعر و ادب کے میدان میں اپنی ایک الگ اور قابلِ ذکر شناخت قائم کی ہے۔

لیہ کی ادبی روایت کو محض چند ناموں یا چند کتابوں کی فہرست سمجھنا اس روایت کے حقیقی مزاج کو محدود کرنا ہوگا۔ یہاں ادب ایک مسلسل تخلیقی عمل کی صورت میں آگے بڑھتا دکھائی دیتا ہے۔ ایک نسل کے بعد دوسری نسل نے نہ صرف اس روایت کو سنبھالا بلکہ اپنے عہد کے فکری، تہذیبی اور سماجی سوالات کو بھی اپنے تخلیقی اظہار کا حصہ بنایا۔ یہی تسلسل کسی بھی ادبی شہر کی زندگی کی سب سے بڑی علامت ہوتا ہے۔

اگر ہم لیہ کے ادبی سفر کو تاریخی تناظر میں دیکھیں تو قیامِ پاکستان سے پہلے کا عہد بھی ہماری توجہ کا مستحق ہے۔ اس زمانے میں راجہ عبداللہ نیاز جیسے شعرا نے اپنے عہد کے سیاسی اور قومی شعور کو شاعری کا موضوع بنایا اور تحریکِ آزادی کے لیے نظمیں لکھیں۔ یہ حقیقت اس امر کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ لیہ میں شاعری محض جمالیاتی اظہار یا تفننِ طبع کا وسیلہ نہیں تھی بلکہ اجتماعی احساس اور قومی شعور کی ترجمان بھی رہی ہے۔ اسی حوالے سے ایک روایت یہ بھی ملتی ہے کہ انیسویں صدی کے نصفِ آخر میں اردو ناول کے ابتدائی نمونے بھی اس خطے میں تخلیق ہوئے، اگرچہ ان ناولوں کا ابھی تک باقاعدہ سراغ نہیں لگایا جاسکا۔ اس روایت کی تحقیقی توثیق اور تلاش مستقبل کے محققین کے لیے ایک اہم علمی منصوبہ ہوسکتی ہے۔

قیامِ پاکستان کے بعد لیہ کی ادبی فضا نے ایک نئی کروٹ لی۔ ایک طرف مقامی شعرا اور ادیب موجود تھے تو دوسری طرف ہجرت کرکے آنے والے اہلِ قلم نے بھی اس شہر کی علمی و ادبی فضا کو نئی جہتیں عطا کیں۔ اس دور میں ارمان عثمانی، پروفیسر ساقی الحسینی، ڈاکٹر قیصر، فضل حق رضوی، ڈاکٹر خیال امروہوی، غافل کرنالی، ذاکر جگرانوی اور دوسرے شعرا نے اردو شاعری کی روایت کو آگے بڑھایا۔ ان میں سے بعض شعرا نے اپنے سابقہ ادبی و تہذیبی مراکز کی روایات کو لیہ میں منتقل کیا، یوں ہجرت محض جغرافیائی تبدیلی نہیں رہی بلکہ اس کے ذریعے مختلف ادبی تجربات اور فکری روایتیں بھی ایک دوسرے سے مربوط ہوئیں۔

مقامی سطح پر بھی ایک پوری شعری کہکشاں سامنے آتی ہے جس میں نسیم لیہ، عدیم صراطی، شعیب جاذب، میاں الٰہی بخش سرائی، عثمان خان، طاہرہ امان، ڈاکٹر فیاض قادری، لطیف فتح پوری، جعفر بلوچ اور دیگر نام شامل ہیں۔ شہباز نقوی کا شمار بھی ان شعرا میں کیا جاسکتا ہے جو ہجرت کے بعد لیہ کی ادبی فضا سے وابستہ ہوئے، اگرچہ ان کی آمد نسبتاً بعد میں ہوئی۔ ان شخصیات نے اپنے اپنے اسلوب، موضوعات اور شعری رویوں کے ذریعے لیہ کے ادبی مزاج کو تشکیل دینے میں حصہ لیا۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ لیہ کی ادبی روایت کسی ایک مخصوص طرزِ اظہار تک محدود نہیں رہی۔ غزل، نظم، تحقیق، تنقید، ترجمہ اور نثری اصناف، سب میں مختلف ادوار کے قلم کار اپنی موجودگی ثبت کرتے رہے ہیں۔ یہی تنوع کسی ادبی ماحول کو محض شعری سرگرمی سے اٹھا کر ایک ہمہ جہت ادبی تہذیب میں تبدیل کرتا ہے۔

اسی کی دہائی اور اس کے بعد کے زمانے میں لیہ کی ادبی فضا میں ایک نئی نسل متحرک ہوئی۔ مولانا محمود نظامی، رفیق خاور تھلوچی، نذیر چودھری، رامش خیالی، پروفیسر نواز صدیقی، ڈاکٹر افتخار بیگ، ڈاکٹر گل عباس اعوان، سلیم اختر ندیم، اختر وہاب، شوکت ہاشمی، سلیم گورمانی، احسن بٹ، کاشف مجید، منور بلوچ، میاں شمشاد حسین سرائی، عتیق خیالی، اشرف درپن، افضل صفی، جمشید ساحل، ڈاکٹر طاہر مسعود مہار، رضا کاظمی، راجہ اسحاق اسد، ناصر ملک، جسارت خیالی، شعیب بخاری، یوسف حسنین نقوی، نسیم عادل، ذکی تنہا، منشی منظور، صابر عطا، عطا محمد عطو، صابر جاذب، اقبال دانش، سید عمران علی شاہ، عمران علیانی، لطیف قمر، حسرت خان، ذیشان منظور اور دوسرے اہلِ قلم نے اس ادبی سفر کو آگے بڑھایا۔

ان ناموں کی کثرت محض عددی اعتبار سے اہم نہیں۔ اصل اہمیت اس امر کی ہے کہ مختلف نسلوں اور مختلف ادبی رجحانات سے تعلق رکھنے والے اہلِ قلم نے لیہ میں تخلیقی گفتگو کا ایک تسلسل قائم رکھا۔ یہی تسلسل کسی شہر کے ادبی مزاج کو زندہ رکھتا ہے۔ اگر ایک شہر میں ہر عہد اپنے نئے لکھنے والوں کو پیدا کرتا رہے اور وہ اپنے پیش روؤں سے مکالمہ بھی کریں اور ان سے اختلاف کی گنجائش بھی پیدا کریں تو وہاں ادب ایک زندہ روایت کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔

آج کے منظرنامے میں ڈاکٹر ریاض راہی کا نام بطور ایک اہم غزل گو شاعر سامنے آتا ہے۔ غزل کی کلاسیکی روایت سے رشتہ برقرار رکھتے ہوئے معاصر احساس کو شعری پیکر عطا کرنا کسی شاعر کے لیے آسان کام نہیں۔ ریاض راہی کی موجودگی اس اعتبار سے بھی اہم ہے کہ لیہ کی شعری روایت ماضی کے سرمائے پر اکتفا نہیں کرتی بلکہ آج بھی نئے شعری لہجوں اور اظہار کی نئی صورتوں کو جنم دے رہی ہے۔

تحقیق و تنقید کے میدان میں ڈاکٹر مہر عبدالحق سمرا کی خدمات خصوصی توجہ کی مستحق ہیں۔ اردو لسانیات، تراجم اور دیگر علمی موضوعات پر ان کا کام اس بات کا ثبوت ہے کہ لیہ کی ادبی روایت صرف تخلیقی اظہار تک محدود نہیں بلکہ علمی تحقیق اور تنقیدی شعور سے بھی وابستہ ہے۔ کسی بھی ادبی مرکز کی پختگی کا اندازہ اس امر سے بھی ہوتا ہے کہ وہاں تخلیق کے ساتھ ساتھ تحقیق اور تنقید کی روایت کتنی مضبوط ہے۔

تخلیقی نثر کے حوالے سے بھی لیہ کا منظرنامہ خاصا متنوع ہے۔ ڈاکٹر ظفر عالم ظفری، سلامت علی انجم صحرائی، احمد اعجاز، روف کلاسرہ، شفیق لغاری، منیر غنی، ناصر ملک، طاہر مسعود مہار، سید عمران علی شاہ، عابد فاروقی، ،،میاں امداد حسین۔ سرائی، عمران اشرف جھنڈیر، جنرل عزیز طارق اور پروفیسر فاروق حیات جیسے اہلِ قلم نے نثر کے مختلف پیرایوں میں اپنے اسلوب کی شناخت قائم کی۔ ان کی تحریروں میں لطافت، شگفتگی، مشاہدے کی گہرائی اور زندگی سے براہِ راست رشتہ محسوس کیا جاسکتا ہے۔ یوں لیہ کی ادبی روایت میں شاعری کے ساتھ نثر نے بھی اپنا ایک نمایاں مقام بنایا ہے۔

موجودہ دور میں ڈاکٹر حمید الفت ملغانی، ڈاکٹر افتخار بیگ، ڈاکٹر گل عباس اعوان، ڈاکٹر ریاض راہی اور ڈاکٹر افضل صفی تحقیق و تنقید کے میدان میں فعال ہیں۔ سندی تحقیق کے حوالے سے بھی ان کی خدمات اہم ہیں۔ اس صورتِ حال کا مثبت پہلو یہ ہے کہ لیہ میں ادب صرف مشاعروں، ادبی نشستوں اور شخصی سرگرمیوں تک محدود نہیں بلکہ باقاعدہ علمی تحقیق کا موضوع بھی بن رہا ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں کسی شہر کی ادبی روایت وقتی سرگرمی سے نکل کر علمی سرمائے میں تبدیل ہوتی ہے۔

تاہم کسی بھی ادبی منظرنامے کا تنقیدی جائزہ صرف ستائش پر مبنی نہیں ہونا چاہیے۔ لیہ کے ادبی ماحول میں بہت کچھ قابلِ تحسین ہے، مگر کچھ سوالات بھی اپنی جگہ موجود ہیں۔ سب سے بنیادی سوال یہ ہے کہ اس منتشر اور متنوع ادبی سرمائے کو کس طرح محفوظ، مرتب اور دستاویزی شکل دی جائے؟ ہمارے سامنے متعدد شعرا، ادبا اور محققین کے نام موجود ہیں، لیکن ان کی کتابیات، سوانح، تخلیقی سفر، باہمی ادبی روابط اور فکری اثرات پر منظم تحقیقی کام ابھی مزید توجہ کا متقاضی ہے۔ اگر یہ کام نہ کیا گیا تو آنے والی نسلوں کے لیے اس ادبی روایت کا ایک بڑا حصہ محض زبانی روایت بن کر رہ جائے گا۔

اسی لیے لیہ کی ادبی تاریخ کی باقاعدہ تدوین وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔ یہاں کے شعرا اور ادبا کا جامع تذکرہ، مطبوعہ و غیر مطبوعہ سرمایہ کی فہرست سازی، قدیم رسائل و جرائد میں شائع ہونے والے مواد کی بازیافت اور مختلف ادوار کی شعری و نثری روایت کا تنقیدی مطالعہ ایک ایسا تحقیقی منصوبہ ہوسکتا ہے جس سے لیہ کی ادبی شناخت نہ صرف محفوظ ہوگی بلکہ جنوبی پنجاب کی ادبی تاریخ بھی زیادہ جامع صورت میں سامنے آسکے گی۔

اس پورے منظرنامے میں گورنمنٹ بوائز کالج لیہ کے شعب؟ اردو کا کردار بھی قابلِ ذکر ہے۔ آغاز سے اب تک اس ادارے نے اردو زبان و ادب کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ پروفیسر اختر وہاب، ڈاکٹر ظفر عالم ظفری، پروفیسر شہباز نقوی، ڈاکٹر نذیر علوی، پروفیسر شفقت بزدار، ڈاکٹر جرات عباس سید، پروفیسر خالد سامٹیہ، پروفیسر مہر عباس سمرا، پروفیسر اکبر چانڈیہ، پروفیسر مختار بلوچ، سبحان سہیل خان چانڈیہ اور دیگر لوگوں نے اس شعبے کی فضا کو ہمیشہ علمی و ادبی رکھا۔ تعلیمی ادارے جب اپنے نصابی فرائض سے آگے بڑھ کر ادبی ذوق، مطالعے اور تخلیقی سرگرمیوں کی آبیاری کرتے ہیں تو ان کا اثر صرف ان کے طلبہ تک محدود نہیں رہتا بلکہ پورے شہر کی فکری فضا پر مرتب ہوتا ہے۔ لیہ کے ادبی ماحول میں اس شعبے کی موجودگی اسی وسیع تر ادارہ جاتی کردار کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اس کے مقابلے میں یونیورسٹی اف لیہ کے شعب؟ اردو سے جو توقعات وابستہ تھیں، وہ پوری طرح برآتی دکھائی نہیں دیتیں۔ یونیورسٹی کسی بھی شہر کے علمی و ادبی مستقبل کے لیے محض ایک ڈگری دینے والا ادارہ نہیں ہوتی؛ اس سے تحقیق، تنقید، ادبی مکالمے، سیمینار، اشاعتی سرگرمیوں اور نئی نسل کی فکری تربیت کی توقع بھی کی جاتی ہے۔ اس پہلو سے وہاں مزید فعال اور بامعنی ادبی سرگرمیوں کی گنجائش بہرحال موجود ہے۔

تاہم اس منظر میں امید کی ایک روشن علامت ندا منیر جیسی نوجوان استاد کی علمی سرگرمی ہے۔ ان کی ذاتی علمی کاوشیں اور زیرِ طبع کتاب اس بات کی امید پیدا کرتی ہیں کہ اگر یونیورسٹی کو مستقبل میں علمی بصیرت اور ادبی شعور رکھنے والی قیادت میسر آئی تو یہ ادارہ بھی لیہ کی ادبی سرگرمیوں کو نئی توانائی فراہم کرسکتا ہے۔ ادارے افراد سے بنتے ہیں، لیکن افراد کی انفرادی کاوش اس وقت پائیدار اثر پیدا کرتی ہے جب ادارہ اسے مناسب علمی ماحول فراہم کرے۔

لیہ کی ادبی فضا کے بارے میں یہ دعویٰ کہ یہاں اردو شعر و ادب کے حوالے سے جو کام ہورہا ہے، جنوبی پنجاب کے دوسرے شہروں میں اس کی مثال کم دکھائی دیتی ہے، ایک ایسا تاثر ہے جسے جذباتی فخر کے بجائے باقاعدہ تحقیقی مطالعے کے ذریعے پرکھا جانا چاہیے۔ تاہم موجود ناموں، مختلف اصناف میں جاری سرگرمیوں، تحقیق و تنقید کی موجودگی، تخلیقی نثر اور شاعری کے تسلسل اور نئی نسل کی شمولیت کو دیکھا جائے تو یہ بات ضرور کہی جاسکتی ہے کہ لیہ نے اپنے وسائل کے مقابلے میں ایک قابلِ ذکر ادبی سرمایہ پیدا کیا ہے۔

اصل سوال یہ نہیں کہ لیہ میں کتنے شاعر اور ادیب پیدا ہوئے؛ اصل سوال یہ ہے کہ ان کے کام نے اردو کے وسیع تر ادبی منظرنامے میں کیا اضافہ کیا؟ اس سوال کا جواب تلاش کرنا اگلے مرحلے کی تنقیدی ضرورت ہے۔ محض اسماء ⌊ شماری سے ادبی تاریخ مرتب نہیں ہوتی۔ ہر نام کے پیچھے موجود تخلیقی امتیاز، فکری جہت، اسلوبیاتی خصوصیت، ادبی اثر اور تاریخی سیاق کو سامنے لانا ضروری ہے۔ اس اعتبار سے لیہ پر ابھی بہت سا تحقیقی کام ہونا باقی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ اس اسماء ⌊ شماری میں کئی اہم نام رہ گئے ہوں گے۔ کسی ایک فرد کی یادداشت یا ذاتی مشاہدہ کسی شہر کی مکمل ادبی تاریخ کا احاطہ نہیں کرسکتا۔ لیکن یہی نامکمل فہرست بھی اس امر کا احساس دلاتی ہے کہ لیہ میں ادبی سرگرمی محض چند افراد تک محدود نہیں رہی۔ یہاں مختلف ادوار میں متعدد اہلِ قلم نے اپنے اپنے حصے کا چراغ روشن کیا ہے۔

یوں دیکھا جائے تو لیہ کا ادبی سفر کسی ایک شخصیت، ایک ادارے یا ایک عہد کی داستان نہیں بلکہ کئی نسلوں کی مشترکہ تخلیقی کاوش کا حاصل ہے۔ یہاں ہجرت کرنے والے شعرا نے بھی اپنا حصہ ڈالا، مقامی قلم کاروں نے بھی؛ قدیم نسل نے روایت کی بنیاد مضبوط کی، بعد کی نسلوں نے اس میں نئے تجربات شامل کیے؛ شعرا نے اظہار کی نئی راہیں تلاش کیں، محققین نے ماضی کو دریافت کیا، نقادوں نے ادبی سرمائے کو پرکھا اور نثر نگاروں نے زندگی کے مختلف رنگوں کو لفظوں میں ڈھالا۔

اسی تسلسل میں لیہ کی اصل ادبی عظمت پوشیدہ ہے۔

اگر ادب کسی شہر کی روح ہے تو لیہ کی روح میں لفظ ابھی زندہ ہے۔ یہاں شعر کہا جارہا ہے، تحقیق ہورہی ہے، تنقید لکھی جارہی ہے، نئی نسل سامنے آرہی ہے اور پرانی روایت کو نئے سوالات کے ساتھ پڑھنے کی ضرورت بھی محسوس کی جارہی ہے۔ یہ سب علامات کسی جمود زدہ ادبی فضا کی نہیں بلکہ ایک ایسے تخلیقی معاشرے کی ہیں جو اپنے امکانات کی طرف بڑھ رہا ہے۔

ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ انفرادی کاوشوں کو ادارہ جاتی سرپرستی ملے، بکھرے ہوئے ادبی سرمائے کو محفوظ کیا جائے، لیہ کی ادبی تاریخ مرتب کی جائے، مقامی شعرا و ادبا پر سنجیدہ تحقیقی مقالات لکھے جائیں، جامعات اور کالجوں میں باقاعدہ ادبی مکالمے کا اہتمام ہو اور نئی نسل کو اپنے شہر کی ادبی روایت سے جوڑا جائے۔

تب شاید لیہ کی ادبی شناخت صرف جنوبی پنجاب تک محدود نہ رہے بلکہ اردو ادب کے وسیع تر نقشے پر اس شہر کی معنوی حیثیت زیادہ واضح طور پر سامنے آئے۔

اس لیے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ لیہ میں اردو شعر و ادب کا سفر رکنے یا ماند پڑنے کے بجائے اپنی تمام تر کمزوریوں، امکانات اور نئے سوالات کے ساتھ صحیح سمت میں رواں دواں ہے۔ اس سفر کو منزل تک پہنچانے کے لیے صرف اہلِ قلم کی محنت کافی نہیں؛ اداروں، جامعات، محققین، ادبی تنظیموں اور نئی نسل کو بھی اس کارواں کا حصہ بننا ہوگا۔ کیونکہ کسی شہر کی ادبی عظمت چند ناموں سے نہیں بنتی، وہ ایک مسلسل فکری روایت سے تشکیل پاتی ہیاور لیہ کے پاس اس روایت کی بنیاد بھی ہے، اس کا تسلسل بھی اور مستقبل کے امکانات بھی۔ لیہ کی شعری روایت کو سمجھنے کے لیے جعفر بلوچ کی ایات ادب، مہر نور محمد تھند، ناصر ملک، اقبال دانش، ڈاکٹر فیاض بخاری کی لکھی ہوئی تاریخ لیہ سے متعلق کتب سے استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ڈاکٹر لیاقت نیازی کی مرتبہ تاریخ لیہ اور گورنمنٹ کالج لیہ کا ادبی مجلّہ "تھل" کا "تاریخ لیہ" میں بھی لیہ کی شعری اور ادبی روایت کے اساسی رویوں کو سمجھا جاسکتا ہے۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

معیاری تعلیمی مواقع تک مساوی رسائی یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، فوزیہ زریں

ٹرانس جینڈرز کیلئے تعلیمی سہولیات، تدریسی سرگرمیوں اور فراہم کیے جانے والے دیگر انتظامات یقینی بنائیں گے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لٹریسی فوزیہ زریں نے ٹرانس جینڈر سکول کا دورہ کیا۔ جس کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت ٹرانس جینڈر افراد کیلئے تعلیمی سہولیات، تدریسی سرگرمیوں اور سکول میں فراہم کیجانے والے دیگر انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے سکول میں طلبہ کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں، صفائی ستھرائی اور دیگر انتظامی امور کا معائنہ کیا اور متعلقہ عملہ کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کیمطابق معاشرے کیتمام طبقات کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور تعلیمی مواقع تک مساوی رسائی یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز سیکرٹریٹ روزانہ کی بنیاد پر فعال

گوجرانوالہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کی تنظیمی، انتظامی اور عملی تیاریوں کے تکمیلی مراحل تیزی سے جاری ہیں، جبکہ چیمبر کو ایک مؤثر، فعال اور کاروباری برادری کے لیے حقیقی معنوں میں نمائندہ پلیٹ فارم بنانے کے لیے مختلف امور پر منظم انداز میں کام کیا جارہا ہے

سمال چیمبر کے صدر عاطف ربانی، سینئر نائب صدر جناب دستگیر بٹ اور نائب صدر عثمان یوسف کی زیرِ قیادت چیمبر کی فعالیت اور ادارہ جاتی امور کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کی تنظیمی، انتظامی اور عملی تیاریوں کے تکمیلی مراحل تیزی سے جاری ہیں، جبکہ چیمبر کو ایک مؤثر، فعال اور کاروباری برادری کے لیے حقیقی معنوں میں نمائندہ پلیٹ فارم بنانے کے لیے مختلف امور پر منظم انداز میں کام کیا جا رہا ہے۔ چیمبر کے صدر عاطف ربانی، سینئر نائب صدر جناب دستگیر بٹ اور نائب صدر عثمان یوسف کی زیرِ قیادت چیمبر کی فعالیت اور ادارہ جاتی امور کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ قیادت کی جانب سے اس عزم کا اظہار کیا گیا ہے کہ گوجرانوالہ کی سمال ٹریڈرز اور سمال انڈسٹریز کمیونٹی کو درپیش مسائل، مشکلات اور کاروباری رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کیا جائے گا اور ان کے حل کے لیے متعلقہ حکومتی و انتظامی فورمز سے مؤثر رابطہ رکھا جائے گا۔ چیمبر انتظامیہ کے مطابق گوجرانوالہ سمال چیمبر کا سیکرٹریٹ اب روزانہ کی بنیاد پر باقاعدگی سے فعال رہے گا، تاکہ تاجر اور صنعتکار برادری کو اپنے مسائل، تجاویز اور کاروباری معاملات کے حوالے سے رابطے کا مستقل اور مؤثر پلیٹ فارم دستیاب ہو۔ ممبران اور سمال بزنس کمیونٹی اپنی سہولت کے مطابق سیکرٹریٹ تشریف لاکر اپنے مسائل سے آگاہ کرسکتی ہے اور متعلقہ امور میں رہنمائی حاصل کر سکتی ہے۔ انتظامیہ کے مطابق چیمبر کا مقصد صرف ممبران کی نمائندگی تک محدود نہیں بلکہ گوجرانوالہ کی چھوٹی تجارت اور چھوٹی صنعتوں کے لیے سازگار کاروباری ماحول کے فروغ، پالیسی سازی میں کاروباری برادری کی آواز کی مؤثر نمائندگی، سرکاری اداروں کے ساتھ رابطہ کاری اور کاروباری مسائل کے عملی حل کے لیے ایک مضبوط پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ چیمبر کی قیادت کا کہنا ہے کہ سمال ٹریڈرز اور سمال انڈسٹریز ملکی معیشت، روزگار کے فروغ اور معاشی سرگرمیوں میں بنیادی کردار ادا کررہی ہیں، تاہم اس شعبے سے وابستہ کاروباری افراد کو بجلی، ٹیکسز، ریگولیٹری معاملات، کاروباری سہولیات، انفراسٹرکچر اور دیگر متعدد مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ گوجرانوالہ سمال چیمبر ان مسائل کو منظم انداز میں متعلقہ حکام تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ چیمبر انتظامیہ نے مزید کہا کہ آنے والے دنوں میں ممبران کے ساتھ رابطے کو مزید مضبوط بنانے، مختلف شعبہ جات سے متعلق معلومات اور رہنمائی فراہم کرنے، کاروباری برادری کی تجاویز حاصل کرنے اور متعلقہ اداروں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کے لیے مختلف اقدامات کیے جائیں گے۔ گوجرانوالہ سمال چیمبر کی قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ چیمبر کے پلیٹ فارم کو تاجر اور صنعتکار برادری کی حقیقی آواز بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اور ممبران کو درپیش مسائل کو صرف اجاگر ہی نہیں بلکہ ان کے قابلِ عمل حل کے لیے بھی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ گوجرانوالہ سمال چیمبر کا سیکرٹریٹ تمام متعلقہ تاجر، صنعتکار اور کاروباری افراد

گوجرانوالہ۔ کمشنر محمد علی کھیوٹ اور انتقالات سے متعلق مسائل کے حل، زیرالتواء کیسز پر پیش رفت اور لینڈ ریکارڈ کی درستگی و بہتری کے ویڈیو لنک اجلاس سے خطاب کررہے ہیں، ڈپٹی کمشنر نوید احمد ہمراہ ہیں

تجاوزات کی گندگی کے خاتمہ کیلئے کارروائیاں نتیجہ خیز بنانے کا حکم

ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح جناح روڈ، فتو منڈ بازار، سیالکوٹ روڈ اروپ موڑ اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور سڑکوں کی بحالی، سیوریج منصوبوں، صفائی، تجاوزات کیخلاف جاری اقدامات کا جائزہ لیا

جناح روڈ پر پی ڈی پی سیوریج سکیم کی تکمیل کے بعد جاری روڈ بحالی کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے واسا حکام کو ہدایت کی کہ سیوریج منصوبوں کے باعث متاثرہ سڑکوں کو آئندہ 10 روز میں مکمل طور پر آپریشنل کیا جائے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے علی الصبح جناح روڈ، فتو منڈ بازار، سیالکوٹ روڈ اروپ موڑ اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور سڑکوں کی بحالی، سیوریج منصوبوں، صفائی، تجاوزات کیخلاف جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ جناح روڈ پر پی ڈی پی سیوریج سکیم کی تکمیل کیبعد جاری روڈ بحالی کے کام کا معائنہ کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے واسا حکام کو ہدایت کی کہ سیوریج منصوبوں کے باعث متاثرہ سڑکوں کو آئندہ 10 روز میں مکمل طور پر آپریشنل کیا جائے۔ انہوں نے روڈ بحالی کے کام میں مقررہ مدت کی پابندی، تعمیراتی معیار اور انجینئرنگ اسٹینڈرڈز کو یقینی بنانے کے ساتھ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے فوری ازالے کی ہدایت کی۔ سیالکوٹ روڈ اروپ موڑ پر ڈپٹی کمشنر نے مین روڈ اور اطراف کے کھلیپلاٹوں میں موجود کوڑا کرکٹ فوری طور پر اٹھانیکیاحکامات جاری کیے۔ انہوں نے مین روڈ پر تجاوزات کیخاتمے اور سڑکوں پر بلڈنگ میٹریل ڈمپ کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کیلئیاسسٹنٹ کمشنر صدر اور پیرا فورس کو مؤثر ایکشن کی ہدایت کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے پکا فتو منڈ، جناح روڈ، ملحقہ گلیوں، چاندنی چوک، چک جگنہ بازار اور سیالکوٹ بائی پاس کے قریب قبرستان سمیت مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کی صورتحال کا بھی معائنہ کیا۔ ناقص صفائی انتظامات پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داران کیخلاف کارروائی اور متعلقہ کنٹریکٹر پر بھاری پینلٹی عائد کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نیمتعلقہ افسران وعملہ کو ہدایت کی کہ صفائی کیمعیار میں بہتری، بروقت ویسٹ کلیکشن ا

بعدالت جناب رانا محمد تنویر انور صاحب سول جج جہلم

دعویٰ دلا پانے خرچہ نان ونفقہ عنوان مقدمہ تہمینہ محسن وغیرہ بنام محسن علی اخبار اشتہار بنام محسن علی ولد فیض محمد ساکن کریم پورہ محلہ ڈھوک نیک عالم تحصیل و ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 22-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب سیدہ حباحب اختر صاحبہ سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان مقدمہ کنزہ گل بنام محمد نعمان اخبار اشتہار بنام محمد نعمان ولد محمد زراعت ساکن ڈھوک کھوکھر تحصیل دینہ ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 09-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

بعدالت جناب تحصیلدار /ADLR صاحب تحصیل دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد یٰسین (متوفی) ولد باغ علی ساکن موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد یٰسین (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ متوفی کی دو شادیاں تھیں۔ ایک بیوی معروفاں بی بی متوفی سے پہلے وفات پاچکی تھی جبکہ دوسری بی بی شفقت بی بی بعد میں وفات پاچکی ہے۔ متوفی کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے۔ شفقت بی بی بیوہ (بعد میں فوت شد)، محمد الیاس، محمد عباس، محمد بوٹا، شمیم بی بی، محمد افران (پہلے فوت شد)، محمد عرفان، رضوان علی، یاسمین بی بی، سعدیہ بی بی پسران و دختران متوفی محمد یٰسین ساکنان موضع شہوال تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد یٰسین (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Imam Dir

بعدالت جناب کرن اقبال صاحبہ جج گارڈین کورٹ سیالکوٹ

عمر فاروق بنام کومل امجد وغیرہ

درخواست زیر دفعہ 25 (بابت حضانت نابالغان) گارڈین اینڈ وارڈ ایکٹ

اخبار اشتہار بنام: 1۔ کومل امجد دختر امجد الزمان ساکن محلہ کاداراں والا کھوگو ہدپور تحصیل و ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ درخواست مندرجہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہٰذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 12-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کر سکتے ہیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر و قابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

اعلانِ عام بابت مکان

تمام متعلقہ اشخاص کو بذریعہ اخبار ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد اکرم ولد محمد شریف، سکنہ چک نمبر AL-1/27، تحصیل رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ نے اپنی ملکیتی 7 مرلہ مکان واقع مذکورہ پتہ، بک نمبر 1737، سیریل نمبر 173697، بمعہ تمام تعمیرات، چاردیواری و دیگر ملحقات، اپنی اہلیہ ریحانہ بی بی زوجہ محمد اکرم کے حق میں معاہدہ/ ہبہ کے ذریعے منتقل کر دیا ہے اور قبضہ بھی دے دیا ہے۔ مذکورہ جائیداد ہر قسم کے رہن، قرض، دعویٰ، مقدمہ یا تیسرے فریق کے حق سے پاک قرار دی گئی ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ جائیداد کے متعلق کوئی شرعی، قانونی یا واقعاتی حق، دعویٰ یا اعتراض ہو تو وہ 7 یوم کے اندر ثبوت کے ہمراہ رجوع کرے، بصورتِ دیگر بعد از مقررہ مدت کوئی دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

معلن: محمد اکرم ولد محمد شریف

فریق دوم: ریحانہ بی بی زوجہ محمد اکرم

چک نمبر AL-1/27، تحصیل رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ

Cr..Imran Zahid

بعدالت جناب خالد حیات صاحب سول جج پسرور

دعویٰ حکم امتناعی دوامی: محمد طلحہ یوسف بنام نائلہ وغیرہ: اشتہار بنام نائلہ زوجہ سلطان محمد 2۔ سلیماں بی بی بیوہ صفدر علی 3۔ سلطان محمد ولد صفدر 4۔ محمد وقاص موٹن ولد اللہ رکھا موٹن 5۔ اصغر علی موٹن ولد برکت علی موٹن 6۔ فیصل جمیل ولد محمد اشرف 7۔ محمد بشیر ولد غلام حیدر 8۔ محمد آزاد ولد شوکت علی ساکنان سارنگ پور تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے بتقرر مورخہ 08-10-2026 کو بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر و قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

عاق نامہ

خزانہ کے حوالے سے رپورٹ مطابق آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات اب بھی برقرار ہیں، حکومت 2 کروڑ مالیت تک کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے پر فیصلہ نہ کرسکی۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے 75 ہزار ڈالر مالیت کی الیکٹرک گاڑی پر سیلز ٹیکس 1 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے آئی ایم ایف کو آٹو پالیسی میں اپنے موقف پر بریفنگ دی ہے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس میں کمی کا فیصلہ ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ سکیم کے تحت گاڑیوں کی مالیت ایک سال تک تبدیل نہیں ہوگی۔ذرائع وزارت انڈسٹریز و پروڈکشن کے مطابق آئی ایم ایف کیساتھ نئی آٹو پالیسی پر مذاکرات مزید بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ	سحر	8

وخصوص کردار سامنے نہیں آیا۔جسٹس شاہ رخ ارجمند نے 5 لاکھ روپے کے چلکوں کے عوض ملزمہ ماہ نور شاہد کی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کردیا۔عدالت نے تحریری فیصلے میں لکھا کہ ملزمہ کا نام ابتدائی ایف آئی آر میں شامل نہیں تھا، بعد میں ضمنی بیان کے ذریعے نامزد کیا گیا، ملزمہ کے خلاف قتل کا کوئی براہِ راست اور مخصوص کردار سامنے نہیں آیا،

بقیہ	سحر	9

ہاؤسنگ واربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان بن سعید بن مبارک الشوبلی نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور ایوان ہیٰی ٹیٹ سکرول آف آنر ایوارڈ ملنے پر مبارکباد پیش کی۔عمانی وزیر ہاؤسنگ واربن پلاننگ ڈاکٹر خلفان الشوبلی کا پنجاب کے ''اپنی چھت، اپنا گھر'' پراجیکٹ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	10

روابط بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔جام کمال خان نے جرمن کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔جرمن سفیر نے جی ایس پی پلس سے متعلق پاکستان کی اصلاحاتی پیش رفت کو سراہا۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان جی ایس پی پلس سے متعلق بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تکمیل کے لیے پرعزم ہے۔ملاقات میں رانا احسان افضل نے جرمن سفیر کے سامنے پاکستانی باسمتی چاول کے جغرافیائی شناخت کا معاملہ بھی اٹھایا۔

بقیہ	سحر	11

کر لی۔آئی ایس پی آر کے مطابق پاکستان نیوی کے جہاز یرموک نے بحیرہ عرب میں تعیناتی کے دوران پاکستانی ساحل سے کافی دور دو کامیاب اندادِ منشیات کارروائیاں انجام دیں، جن کے نتیجے میں بڑی مقدار میں منشیات برآمد کی گئی۔ترجمان کے مطابق کارروائیوں کے دوران دو دھاوں کو روکا گیا اور ان کے اندر بنائے گئے خفیہ خانوں سے تقریباً 850 کلوگرام آئس اور 2,000 کلوگرام چرس/بھنگ برآمد کی گئی۔آئی ایس پی آر کے مطابق ضبط شدہ منشیات کی مالیت تقریباً 96 ملین امریکی ڈالر بتائی گئی ہے، ضبط شدہ منشیات کو تحویل میں لے لیا گیا ہے اور بعد ازاں انہیں مزید تلفی اور قانونی کارروائی کیلئے متعلقہ حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ترجمان کے مطابق کامیاب کارروائیاں پاکستان نیوی کی مسلسل سمندری موجودگی، چوکسی اور علاقائی بحری سلامتی کے تحفظ اور سمندر میں غیر قانونی منشیات کی سمگلنگ کے خلاف اس کے غیر متزلزل عزم کی عکاس ہیں۔

بقیہ	سحر	12

اور کامیاب کارروائیوں پر پاک بحریہ کے افسران اور جوانوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔وزارت داخلہ سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن میں حصہ لینے والے پاک بحریہ کے اہلکاروں کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت، مستعدی اور فرض شناسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ منشیات کی بین الاقوامی سمگلنگ کے سدباب کے لیے پاکستان نیوی کے بروقت اور موثر اقدامات لائق ستائش ہیں

بقیہ	سحر	13

گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری کہنا تھا کہ بارہ اضلاع میں صوبائی حکومت کی کسی قسم کی عمل داری نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت پی ٹی آئی کی دیکھ بھال کے لیے ہر ممکن بہترین اقدامات کر رہی ہے۔وفاقی وزیر پارلیمانی امور نے کہا کہ چیف الیکشن کمشنر اور ارکان کی تقرریاں آئینی معاملہ ہیں، تاہم ان تقرریوں کے عمل میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی رکاوٹ ہیں۔وفاقی وزیر نے دعویٰ کیا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن لیڈر سے دو مرتبہ رابطہ کیا، تاہم انہوں نے ملاقات سے انکار کردیا، اپوزیشن لیڈر اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا نہیں کر رہے۔

بقیہ	سحر	14

شدید برہمی کا اظہار کیا۔حافظ عبدالکریم نے کہا کہ کمیٹی نے ڈی جی جج کو بلایا تھا، پچھلی مرتبہ بھی وہ نہیں آئے، کیا وہ اتنے طاقتور ہیں کہ کمیٹی میں نہیں آرہے۔انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹر جج بادشاہ بن بیٹھا ہے اور تیسری بار بلانے پر بھی نہیں آیا۔وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے زوم پر اجلاس میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کی کفایت شعاری مہم کی وجہ سے وہ خود اجلاس میں نہیں آئے اور زوم پر موجود ہیں۔سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ ڈی جی جج کے سمن بھی نکالے جاسکتے ہیں، انہیں زوم پر نہ لیا جائے

بقیہ	سحر	15

جا سکتا۔اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے کل بھی پی ٹی آئی کو بات باور کرانے کی کوشش کی، وزیراعظم نے کہا ذاتی سیاسی ایجنڈے کو قومی مفادات پر ترجیح نہ دی جائے، پی ٹی آئی کا ایک ہی ایجنڈا رہا کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام پیدا کیا جائے، اور گالم گلوچ کا کلچر سیاست میں عام کیا جائے۔

بقیہ	سحر	16

کار مذاکرات کی کامیابی کی بھرپور کوشش کی، اب بھی اپنی کوششیں جاری رکھوں گا۔حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے اراکین رانا ثنا اللہ اور طارق فضل چوہدری بھی مولانا فضل الرحمان کے گھر پہنچے۔ذرائع کے مطابق ولانا فضل الرحمان نے مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل پر زور دیا۔

بقیہ	سحر	17

پانے والے مجرم قیصر ایوب کی اپیل خارج کردی۔کیس کی سماعت بدھ کو جسٹس ہاشم خان کاکڑ کی سربراہی میں بنچ نے کی۔درخواست گزار محمد سعید نے دونوں ملزمان کے خلاف تلہ گنگ میں مقدمہ درج کرایا تھا۔ملزمان پر سوشل میڈیا پر توہین آمیز مواد اپ لوڈ کرنے کے الزامات عائد کئے گئے تھے۔مقدمے میں شریک ملزم آمون کو عدم شواہد کی بنا پر بری کردیا گیا تھا جبکہ قیصر ایوب کو سزائے موت سنائی گئی تھی۔سپریم کورٹ نے قیصر ایوب کی سزائے موت کے خلاف اپیل خارج کردی۔

بقیہ	سحر	18

اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں غیر قانونی امیگریشن، انسداد منشیات اور انسداد دہشتگردی کیلئے تعاون بڑھانے پر بھی بات چیت کی گئی۔ملاقات میں جعلی اسٹوڈنٹ ویزوں پر برطانیہ جانے کی روک تھام کیلئے مشترکہ اقدامات پر زور دیا گیا، غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے پاکستان اور برطانیہ کے درمیان ایم او یو پر اتفاق کیا گیا۔ملاقات میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستان کے مثبت کردار پر بھی بات چیت کی گئی

بقیہ	سحر	19

ملک وقوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا ناگزیر ہے، وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، حکومت ہم پر قدغنیں لگا رہی ہے۔بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ حکومت نے باہر نکل کر اندر والی چیزیں ڈسکس کیں، جتنا وقت پریس کانفرنسز پر لگایا اتنا وقت مذاکرات پر لگایا ہوتا تو مسئلہ حل ہو جاتا۔دوسری جانب پی ٹی آئی خیبر پختون خوا کے ترجمان شوکت یوسف زئی نے کہا ہے کہ لانگ مارچ ختم کرنے کی کنجی بانی پی ٹی آئی کے پاس ہے۔انہوں نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف صرف میڈیا پر مذاکرات مذاکرات نہ کھیلیں، اختیارات ہیں تو اپوزیشن کے جائز مطالبات تسلیم کریں۔

بقیہ	سحر	20

کو مزید مستحکم بنانے کے لیے سفارتی روابط، تجارت، ٹیکنالوجی اور پارلیمانی تعاون کے شعبوں میں ٹھوس اقدامات کی تجویز دی۔یہ ملاقات اروشا میں 153 ویں بین الپارلیمانی یونین (آئی پی یو) اسمبلی کے موقع پر ہوئی۔چیئرمین سینیٹ نے اسلام آباد میں تنزانیہ کے مستقل سفارتی مشن کے قیام پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مستقل سفارتی موجودگی سے دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ روابط مزید مضبوط ہوں گے

بقیہ	سحر	21

نفقہ ادا کیا جاسکتا ہے، جبکہ عدالت نے واضح کیا ہے کہ نابالغ بچوں کا نان نفقہ عام قرض کی نوعیت کا مالی دعویٰ نہیں بلکہ والد پر عائد قانونی اور خاندانی ذمہ داری ہے، اس لیے پنشن کے تحفظ سے متعلق قانونی دفعات کو نابالغ بچوں کے حق میں جاری حتمی نان نفقہ کی ڈگری پر لاگو نہیں کیا جاسکتا۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ملک جاوید اقبال وینس اور جسٹس ملک وقار حیدر اعوان پر مشتمل بنچ نے محمد لطیف کی آئینی درخواست مسترد کرتے ہوئے اہم فیصلہ جاری کیا، 8 صفحات پر مشتمل فیصلہ جسٹس وقار حیدر اعوان نے تحریری کیا۔

بقیہ	سحر	22

۔وزیر دفاع نے کہا کہ گورنر راج لگنے سے پی ٹی آئی سیاسی شہید کہلائے گی یا نہیں، یہ تو وقت بتائے گا، اگر ایک شخص کی خوشی کیلئے ملک کا شیرازہ بکھیرنا چاہتے ہیں تو یہ قبول نہیں ہے۔خواجہ آصف نے کہا کہ کے پی حکومت کی لیڈرشپ سے خدانخواستہ علیحدگی کی توقع کی جاسکتی ہے، پی ٹی آئی کے اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے ہیں، پی ٹی آئی کے اپنے لوگ چاہتے ہیں کہ اس مسئلے کا کوئی حل نکلے۔

بقیہ	سحر	23

نوازا۔اس موقع پر صدر آصف علی زرداری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پانی کو ہتھیار یا سیاسی دباؤ کے ذرائع کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، پائیدار امن کیلئے تمام دیرینہ تنازعات بالخصوص جموں وکشمیر کے تنازعے کا حل ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام اور ان کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کو افغان سرزمین سے سرگرم دہشتگرد گروہوں کی جانب سے مسلسل دہشتگردی کا سامنا ہے۔صدر مملکت کا کہنا تھا کہ افغان سرزمین پاکستان یا کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے، علاقائی تنازعات کے حل کیلئے مذاکرات کا کوئی متبادل نہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان فلسطینی عوام اور ان کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا، پاکستان کو افغان سرزمین سے سرگرم دہشتگرد گروہوں کی جانب سے مسلسل دہشتگردی کا سامنا ہے۔وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے

جمی تقریب میں شرکت کی۔انتونیو گوتریس کا پاکستان کا اعلیٰ قومی اعزاز ملنے پر شکریہ ادا کیا جبکہ صدر مملکت نے یو این سیکرٹری جنرل سے ملاقات میں عالمی امن، مکالمے کے لئے ان کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ	سحر	24

۔تحریک انصاف کے فوکل پرسن اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے ملاقات کیلئے فہرست جیل حکام کو دے دی۔بانی پی ٹی آئی سے ملنے والوں کی فہرست میں مرتضیٰ طوری، رئیس قیوم، حمزہ گیلانی، مبشر عباسی، ندیم عباسی اور عاصمہ راجا کے نام شامل ہیں۔

بقیہ	سحر	25

ٹمنٹے کی صلاحیت کی قومی ترجیحات میں مرکزی حیثیت کو یقینی بنانا ہوگا، سیلاب، زلزلوں، لینڈ سلائیڈنگ، جنگلات میں آتشزدگی، وباؤں اور سموگ جیسی قدرتی آفات ہمارے عزم وحوصلے کیلئے باعث امتحان ہیں۔

بقیہ	سحر	26

صف آرا ہونے کے بجائے دہشت گردوں کی سہولت کار بن چکی ہے، وفاق کے پی کے کے غیور عوام کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتا اور اگر موجودہ صوبائی حکومت کو مزید وقت دیا گیا تو وہاں عوام کی جان، مال اور عزت کا تحفظ ناممکن ہو جائے گا۔

بقیہ	سحر	27

۔اپنے بیان میں وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ سیاسی اختلافات اپنی جگہ، ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، ملک میں جمہوریت کا تحفظ صرف حکومت نہیں اپوزیشن کی بھی ذمہ داری ہے، ملک کو درپیش سیکورٹی چیلنجز کے پیش نظر اپوزیشن کا غیر ذمہ دارانہ رویہ ناقابل فہم ہے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے، شہدا کی قربانیوں کا تقاضا ہے کہ ملک میں امن واستحکام کو مقدم رکھا جائے۔انہوں نے کہا کہ پاک فوج اور سکیورٹی فورسز ملکی دفاع کے لیے مسلسل قربانیاں دے رہی ہیں، اندرونی و بیرونی خطرات کے مقابلے کے لئے قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، ملک حالتِ جنگ میں ہے، اپوزیشن کو سیاسی پختگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، دہشتگردی کے خلاف جوانوں کی قربانیاں سیاسی مفادات سے بالاتر قومی اثاثہ ہیں، وطن کی سلامتی کے لیے قربانیاں دینے والوں کے ساتھ پوری قوم متحد کھڑی ہے، عوام جلاؤ گھیراؤ، توڑ پھوڑ کی سیاست اور دھرنوں کو مسترد کرتے ہیں۔

بقیہ	سحر	28

کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔پاکستان میں ایک ایسا گروہ موجود ہے جسے ملک میں ہونے والی ہر اچھی خبر سے تکلیف ہوتی ہے، خیبر پختونخوا میں 13 سال کے دوران کم آمدن والے افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر جیسا منصوبہ کیوں شروع نہیں کیا گیا۔صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ تحریک انصاف کے دور کے ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر کے وعدے عملی شکل اختیار نہ کرسکے،

بقیہ	سحر	29

18 دہشت گرد جہنم واصل کر دیئے۔خیبر پختونخوا میں سکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کیخلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کر کے 13 خوارج کو ہلاک کر دیا، سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان اور گردونواح میں فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔

بقیہ	سحر	30

میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کردی۔انسداد دہشت گردی عدالت میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف بیرئیر ہٹانے کے کیس کی سماعت ہوئی، جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ڈاکٹر شیریں مزاری وکیل ایمل خان مندوخیل، زینب جنجوعہ و دیگر کے ہمراہ عدالت کے سامنے پیش ہوئے پراسیکیوٹر راجہ نوید عدالت کے سامنے پیش ہوئے

بقیہ	سحر	31

22 ارب روپے گم رہی۔ایف بی آر ذرائع کے مطابق حکومت نے ریئل اسٹیٹ سیکٹر کے ایڈوانس انکم ٹیکس میں 50 فیصد کمی کی، جائیداد کی فروخت پر ٹیکس شرح 5.5 فیصد سے کم کر کے 2.75 فیصد کردی، جائیداد کی خریداری پر ٹیکس شرح 2.5 سے کم کر کے 1.25 فیصد کی، جائیداد فروخت پر ایڈوانس ٹیکس وصولی 42 فیصد کمی سے 23 ارب روپے ہوگئی۔ذرائع کے مطابق جائیداد کی خریداری پر انکم ٹیکس وصولی 31 فیصد کمی سے 12.2 ارب روپے رہی۔ذرائع کے مطابق ہول سیلرز اور ریٹیلرز نے 3 ماہ میں مجموعی طور پر 18.4 ارب روپے ٹیکس دیا، ہول سیلرز کی ٹیکس ادائیگی 10 فیصد کمی سے 6.2 ارب روپے رہی، ریٹیلرز نے 11.3 ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا جو گزشتہ سال سے 8.3 فیصد زیادہ ہے۔ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام سے قبل سالانہ ٹیکس حصہ 391 ارب روپے تھا، 2 سالہ آئی ایم ایف پروگرام کے بعد حصہ 629 ارب روپے ہوگیا، بجٹ میں تنخواہ دار طبقے کے لیے 52 ارب روپے ریلیف کا دعویٰ کیا گیا اور تنخواہ دار طبقے کے لیے ٹیکس شرح میں 3 فیصد تک کمی کی گئی۔

بقیہ	سحر	32

کرنے کے لیے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے بہتر کوئی شخصیت نہیں ہوسکتی۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں طاقت کے توازن اور عالمی نظام میں تبدیلیاں آرہی ہیں، جن کے تناظر میں سفارت کاری اور بین الاقوامی تعاون کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔نائب وزیراعظم کا کہنا تھا کہ عالمی تنازعات اور مسائل کے پرامن حل میں اقوام متحدہ کا کلیدی کردار ہے، مشکلات اور تنقید کے باوجود اقوام متحدہ اپنا کام جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ	سحر	33

فتنہ الہندوستان کے 13 خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو شاباش دی اور سکیورٹی فورسز کی کامیاب انٹیلی جنس کارروائی کو سراہا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ افواج پاکستان ہر محاذ پر دشمن کیلئے سیسہ پلائی دیوار کی طرح ہے۔

بقیہ	سحر	34

قرارداد کو اتفاقِ رائے سے منظور کیا، قرارداد میں پہلی بار واضح تسلیم کیا گیا کہ سرحد پار آبی تعاون محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حقوق کے حصول سے براہِ راست تعلق ہے۔قرارداد کی منظوری کے موقع پر پاکستان کی جانب سے فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر نے خطاب کیا۔عدیل کھوکھر نے مشترکہ آبی وسائل کے حوالے سے پاکستان کے اصولی مؤقف کو واضح کیا اور کہا کہ جہاں پانی مشترکہ ہو، وہاں ذمہ داریاں بھی مشترکہ ہوتی ہیں، مشترکہ پانیوں پر تعاون ہمسایہ ممالک کے درمیان کسی احسان یا رعایت کا معاملہ نہیں بلکہ مشترکہ ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی بالائی دریا کا ملک پانی کو سیاسی دباؤ، اثر ورسوخ کے آلے کے طور پر استعمال نہیں کرسکتا، پانی کو سیاسی دباؤ کے آلے کے بجائے تعاون اور باہمی ذمہ داری کے اصولوں کے تحت استعمال کیا جانا چاہیے۔

بقیہ	سحر	35

جوابی کارروائی سے دہشت گردوں کو بھاری نقصان اٹھانا پڑا تاہم فائرنگ کے تبادلے میں 7 پولیس جوان زخمی ہوگئے۔پولیس کے مطابق زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کیا گیا۔ہسپتال انتظامیہ کے مطابق زخمی پولیس اہلکاروں کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ڈی پی او کوہاٹ کے مطابق علاقے میں سرچ اینڈ اسٹرائیک

بقیہ	سحر	36

میں تصادم نہیں ہوگا لیکن سیاسی رہنماؤں کی گرفتاریاں ضرور ہوں گی، صوبے میں حکومت اب ان کے ہاتھوں میں نہیں، ورنہ تھری ایم پی او اور دفعہ 144 نہیں لگتی، حقیقت یہ ہے کہ لانگ مارچ میں ڈیڑھ دو سو لوگ ہیں، جبکہ سہیل آفریدی کے ساتھ 1 لاکھ کا ہجوم ہونا چاہیئے تھا۔

بقیہ	سحر	37

آئی حکومت کیخلاف نعرے بازی کی۔احتجاجی مظاہرین کی جانب سے صوبائی حکومت سے خیبر پختونخوا میں امن قائم کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا گیا۔خیبر پختونخوا میں امن وامان، مہنگائی اور بیروزگاری سنگین مسئلہ بن چکے ہیں لیکن صوبائی حکومت کی توجہ احتجاجی سیاست پر مرکوز ہے۔دوسری جانب خیبر پختونخوا کے عوام نے صوبائی حکومت کی 13 سالہ کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے، صوابی، تخت بھائی، رستم سمیت مختلف علاقوں کے شہریوں نے صوبائی حکومت کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت نے خیبر پختونخوا میں 13 سال سے زائد عرصہ گزار دیا تاہم صوبے میں عوام کی توقعات کے مطابق تبدیلی نظر نہیں آئی۔شہریوں کے مطابق خیبر پختونخوا کے اسپتالوں میں سہولیات کا فقدان ہے جبکہ صوبے کا انفراسٹرکچر بھی مسائل کا شکار ہے۔پی ٹی آئی کے ایم این ایز اور ایم پی ایز عوامی مسائل حل کرنے کے بجائے اپنے مفادات پر توجہ دے رہے ہیں اور انہیں عوامی مشکلات سے کوئی سروکار نہیں۔شہریوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام صوبائی حکومت کی کارکردگی سے مطمئن نہیں اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات چاہتے ہیں۔

بقیہ	سحر	38

ٹی ہب ڈیجیٹل خواندگی کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی سے جوڑنے میں مددگار ثابت ہوگا، اس اقدام کے ذریعے علاقے کے نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق ہنر حاصل کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ژوب کا نیا آئی ٹی سینٹر علاقے میں روزگار کے نئے اور بہتر مواقع پیدا کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگا۔جدید سہولیات فراہم کرنے والا یہ منصوبہ بلوچستان کے روشن اور خوشحال مستقبل کی سمت ایک اہم ترین قدم ہے۔

بقیہ	سحر	39

اظہار کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ لاہور کی کاروباری برادری پاکستان کی معاشی ترقی میں ایک اہم شراکت دار ہے۔حکومت اور نجی شعبہ اگر باہمی اعتماد، مشاورت اور تعاون کے ساتھ آگے بڑھیں تو صنعت، تجارت، سرمایہ کاری اور روزگار کے شعبوں میں نمایاں پیش رفت حاصل کی جاسکتی ہے۔

بقیہ	سحر	40

کے تحفظ اور طاقتور کو حق بجانب ٹھہرانے کے رجحان کی روک تھام کے لیے اقوام متحدہ کو مضبوط اور مؤثر بنانا ہوگا۔ایک ٹی وی انٹرویو میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے دور؟ پاکستان کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ سیکریٹری جنرل کا دورہ پاکستان علامتی اور عملی، دونوں حوالوں سے اہمیت کا حامل ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب ان کے عہدے کی مدت اختتام کی جانب بڑھ رہی ہے

بقیہ	سحر	41

1947 میں مجاہدہ حسین شہید نے آزادی کشمیر کیلئے عزم، ہمت اور دلیری کی نئی داستان رقم کی، وہ 5 آزاد کشمیر رجمنٹ میں سپاہی کے طور پر بھرتی ہوئیں اور اکتوبر 1947 میں ہراول دستے کا حصہ بنیں۔ 4 اور 5 اکتوبر کی درمیانی شب مجاہدہ حسین شہید اس دستے میں شامل تھیں جس کے پاس محدود تعداد میں تلواریں اور بندوقیں موجود تھیں، دشمن کے خلاف کارروائی میں بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے انہوں نے دشمن کو بھاری نقصان پہنچایا۔مجاہدہ حسین شہید نے 7 اکتوبر 1947 کو جامِ شہادت نوش کیا، ان کی عظیم قربانی اور شجاعت کے اعتراف میں انہیں تمغہ مجاہد حیدری سے نوازا گیا۔

بقیہ	سحر	42

ہدایت اللہ نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ انمول پنکی کے خلاف مقدمے میں کوئی بھی ٹھوس شواہد موجود نہیں ہیں۔انہوں نے عدالت کو بتایا کہ اس مقدمے میں نامزد ایک اور ملزم علی خان کو پہلے ہی ناکافی شواہد کی بنا پر بری کیا جا چکا ہے، لہذا اس بنیاد پر ملزمہ انمول پنکی کو بھی مقدمے سے بری کیا جائے۔واضح رہے کہ ملزمہ انمول پنکی کے خلاف تھانہ گذری میں منشیات کا یہ مقدمہ درج ہے، جبکہ وکیل کے مطابق ملزمہ کو اس سے قبل بھی تھانہ گذری میں درج تین دیگر مقدمات میں عدالتوں کی جانب سے بری کیا جا چکا ہے۔

بقیہ	سحر	43

آسٹریلوی شہریوں سے فراڈ کرتے تھے۔ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق جعلی یوٹیوب ٹاسک اور یو ایس ڈی ٹی کرپٹو انویسٹمنٹ کے نام پر لاکھوں سے فراڈ کیا جاتا تھا، کمپیوٹر، سرورز اور موبائل ڈیوائسز قبضے میں لے لی گئی ہیں۔ترجمان این سی سی آئی اے نے بتایا کہ مرکزی ملزمان، منیجرز اور ٹیم لیڈرز کے خ

پاکستان کی سفارتی کامیابی اقوام متحدہ میں پانی سے متعلق قرارداد منظور

پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان کو اہم سفارتی کامیابی ملی ہے، پاکستان کی سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل کیا گیا ہے

قرار داد جرمنی اور سپین کی جانب سے پیش کی گئی، پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے حتمی متن میں رکھنے کیلئے فعال کردار ادا کیا

جنیوا (مانیٹرنگ ڈیسک) جنیوا میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حق سے متعلق قرارداد منظور کرلی گئی۔ رپورٹ کے مطابق پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان کو اہم سفارتی کامیابی ملی ہے، پاکستان کی سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل کیا گیا ہے۔ قرارداد جرمنی اور سپین کی جانب سے پیش کی گئی، پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے حتمی متن میں رکھنے کیلئے فعال کردار ادا کیا، بھارت نے قرارداد سے سرحد پار آبی تعاون کا حوالہ ختم کرنے کی کوشش کی۔ انسانی حقوق کونسل کے 47 رکن ممالک نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پی پی پی کے سینئر رہنما ملاقات کرتے ہوئے

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

رواں مالی سال معاشی ترقی 3.8 فیصد، مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کی پیشگوئی

فی کس حقیقی جی ڈی پی گروتھ 2.2 فیصد، بجٹ خسارہ جی ڈی پی کا 3.5 فیصد رہنے کا امکان ہے، عالمی بینک

مہنگائی، خوراک کی بڑھتی قیمتوں کا دباؤ، مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل تیاری میں خلا اب بھی بڑے چیلنجز ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں رواں مالی سال معاشی ترقی 3.8 فیصد اور مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے جبکہ فی کس حقیقی جی ڈی پی گروتھ 2.2 فیصد اور بجٹ خسارہ جی ڈی پی کا 3.5 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ عالمی بینک نے پاکستان سمیت خطے کی معیشت کا منظر نامہ پیش کردیا۔ ورلڈ بینک کی رپورٹ میں رواں مالی سال پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح 3.8 فیصد جبکہ مہنگائی کی شرح 8.2 فیصد رہنے کی پیشگوئی ہے، فی کس حقیقی جی ڈی پی گروتھ محض 2.2 فیصد رہنے کا تخمینہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق خطے میں روزانہ 3 ڈالر یعنی تقریباً 840 روپے سے کم آمدن والے افراد غربت کا شکار ہیں، غربت کی لکیر سے نیچے خطے کی مجموعی آبادی میں 48 فیصد پاکستانی شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق طویل معاشی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

این سی سی آئی اے راولپنڈی سرکل کی کارروائی، بین الاقوامی سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑا گیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) راولپنڈی سرکل نے کارروائی کرتے ہوئے بین الاقوامی سائبر فراڈ نیٹ ورک پکڑ لیا۔ ترجمان نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی کے مطابق چکری روڈ نجی سوسائٹی میں عباسی کال سینٹر پر مارے گئے چھاپے میں متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے نے بتایا کہ ملزمان جعلی ٹیلی گرام پروفائلز سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

خیبر پختونخوا میں شہری صوبائی حکومت کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے

مظاہرین کا صوبائی حکومت سے خیبر پختونخوا میں امن قائم کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس اقدامات اٹھانے کا مطالبہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں مہنگائی، بے روزگاری اور امن وامان کی ابتر صورتحال، شہری صوبائی حکومت کیخلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ مالاکنڈ کی تحصیل درگئی میں متحدہ ٹریڈ یونین اور پیپلز پارٹی کی جانب سے مہنگائی، بیروزگاری اور لوڈشیڈنگ کیخلاف شدید احتجاج کیا گیا جس میں متحدہ ٹریڈ یونین کے صدر اسفند یار خان، جنرل سیکرٹری غلام حسین سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے ٹائر جلا کر مہنگائی، بیروزگاری، لوڈشیڈنگ اور امن وامان کی ابتر صورتحال پر پی ٹی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

کوہاٹ، پولیس چوکی پر فتن الخوارج کا حملہ، 7 اہلکار زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (مانیٹرنگ ڈیسک) کوہاٹ میں شادی پور پولیس چوکی پر فتن الخوارج کے حملے کی کوشش ناکام بنادی گئی۔ ڈی پی او کوہاٹ رائے مظہر اقبال کے مطابق پولیس کی بھرپور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

کے پی میں کارکنان اور پولیس میں تصادم نہیں ہوگا لیکن سیاسی رہنماؤں کی گرفتاریاں ضرور ہوں گی، شیر افضل مروت

اسلام آباد (اے ایف پی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل خان مروت نے کہا ہے کہ میرا خیال ہے کہ خیبر پختونخوا میں کارکنان اور پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

معاشی ترقی میں کاروباری برادری کا کردار بہت اہم ہے، گورنر پنجاب

حکومت اور کاروباری برادری کے باہمی تعاون، مسلسل مشاورت اور مشترکہ کاوشوں سے معاشی ترقی کی رفتار مزید تیز کی جاسکتی

صنعت اور زراعت کو مضبوط بنا کر ملکی معیشت کو مستحکم، برآمدات اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ کیا جاسکتا ہے، سردار سلیم حیدر خان

صنعتی علاقوں میں کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کمرشلائزیشن اور کنورژن چارجز کے معاملات پر کاروباری برادری سے مشاورت کی جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے لاہور چیمبر کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چودھری خادم حسین، ایگزیکٹو کمیٹی اراکین اور سابق عہدیداران پر مشتمل وفد سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت اور کاروباری برادری کے باہمی تعاون، مسلسل مشاورت اور مشترکہ کاوشوں سے معاشی ترقی کی رفتار مزید تیز کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور حکومت صنعت، تجارت، سرمایہ کاری اور برآمدات کے فروغ کیلئے نجی شعبے کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کیلئے پرعزم ہے۔ گورنر پنجاب نے لاہور چیمبر کی نئی قیادت، سابق صدور اور سینئر رہنماؤں کو انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد دی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

ثروب میں جدید آئی ٹی ہب: نوجوانوں کیلیے روزگار کا نیا آغاز

ثروب کا نیا آئی ٹی سینٹر علاقے میں روزگار کے نئے اور بہتر مواقع پیدا کرنے میں بھی معاون ثابت ہوگا

ثروب (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان کے ضلع ثروب میں جدید آئی ٹی ہب کا قیام نوجوانوں کو ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور روزگار کے نئے مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم پیشرفت ہے، جدید سہولیات سے آراستہ یہ مرکز نوجوانوں کو نئے ہنر سیکھنے اور ٹیکنالوجی سے منسلک ہونے کے مواقع فراہم کرے گا۔ پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور حکومتی تعاون سے اس اہم منصوبے کو بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت مکمل کیا گیا ہے۔ منصوبے کا مقصد ثروب کے نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل مہارتوں تک رسائی فراہم کرنا ہے، ثروب جیسے دور افتادہ علاقے میں قائم آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

پی ٹی آئی کا لانگ مارچ کوہاٹ پہنچ گیا، پرتپاک استقبال پر شفیع جان کا اظہارِ تشکر

پشاور (اے ایف پی) پی ٹی آئی کا لانگ مارچ خیبر پختونخوا کے شہر کوہاٹ پہنچ گیا۔ کوہاٹ میں لانگ مارچ کے قافلے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں، منظور وسان

پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، گفتگو

میر خاندان نے خیر پور اور سندھ کی تعلیمی ترقی اور عوامی خدمت میں تاریخی کردار ادا کیا

کراچی (اے ایف پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما منظور وسان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج لگنے کا کوئی امکان نہیں۔ خیر پور میں گفتگو کرتے ہوئے منظور وسان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی موجودگی میں سندھ میں نئے صوبے بنانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، ملکی موجودہ سیاسی صورتحال اور مستقبل میں پارٹی حکمت عملی پر غور جاری ہے۔ منظور وسان نے خیر پور کے آخری حکمران میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میر خاندان نے خیر پور اور سندھ کی تعلیمی ترقی اور عوامی خدمت میں تاریخی کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ میر علی مراد خان تالپور کے انتقال پر خیر پور، سندھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

فلسطینیوں کی قربانیوں نے دنیا کو بیدار کردیا، فلسطینی مزاحمت نے عالمی طاقتوں کو اپنی طاقت منوائی، لیاقت بلوچ

لاہور (سٹاف رپورٹر) فلسطینی عوام سے اظہارِ یکجہتی، غزہ میں جاری انسانی بحران کے خلاف آواز بلند کرنے اور فلسطینیوں کے بنیادی حقوق کی حمایت میں جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام مال روڈ پر ''غزہ مارچ'' کیا گیا۔ مارچ میں بچوں، خواتین، نوجوانوں، بزرگوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

خیبر پختونخوا میں ڈپٹی وزیر اعلیٰ کی تقرری کیلئے دائر درخواست پر حکومت سے جواب طلب کرلیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ڈپٹی وزیر اعلیٰ کی تقرری کیلئے دائر درخواست پر حکومت سے جواب طلب کرلیا گیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

طاقتوں کو حق بجانب سمجھنے کا رجحان ختم کیلئے اقوام متحدہ کو مضبوط بنانا ہوگا، سردار مسعود خان

انتونیو گوتریس ایک متحرک رہنما ہیں جنہوں نے ماحولیاتی اقدامات، پائیدار ترقی، غزہ، فلسطین اور کشمیر کے مسائل پر مضبوط مؤقف اختیار کئے رکھا

یو این سیکریٹری جنرل کا اقوام متحدہ کے فوجی مبصر گروپ کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ واضح پیغام ہے کہ کشمیر ایک بین الاقوامی تنازعہ ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ قواعد پر مبنی عالمی نظام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین چائنیز بزنس کونسل پاکستان کے وفد کے سربراہ کو یادگاری شیلڈ پیش کرتے ہوئے

آزادی کشمیر کی جدوجہد میں شجاعت کی مثال، مجاہدہ حسین بی بی کا یوم شہادت

مظفر آباد (اے ایف پی) آزادی کشمیر کی جدوجہد میں شجاعت اور قربانی کی لازوال مثال قائم کرنے والی مجاہدہ حسین بی بی شہید کا 79واں یوم شہادت بھرپور انداز منایا گیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کا ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن، خاتون سول جج برطرف

لاہور (اے ایف پی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے مس کنڈکٹ اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن لے لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے ڈسپلن کی خلاف ورزی پر خاتون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

وزیر اعظم کی بحیرہ عرب میں پاکستان نیوی کے جہاز ریموک کی انسداد منشیات کی دو کامیاب کارروائیوں پر پاک بحریہ کے افسران واہلکاروں کی پذیرائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بحیرہ عرب میں پاکستان نیوی کے جہاز ریموک کی انسداد منشیات کی دو کامیاب کارروائیوں پر پاک بحریہ کے افسران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

سیکرٹری داخلہ سے سابق ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ڈاکٹر محمد امجد کی الوداعی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے سابق ڈی جی پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی ڈاکٹر محمد امجد نے الوداعی ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور اور محکمہ داخلہ سے منسلک اداروں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

سروسز ہسپتال میں ناقص صفائی، ڈاکٹرز اور عملہ غائب، ایم ایس کی جواب طلبی

لاہور (کورٹ رپورٹر) سروسز ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال، سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ نے ایم ایس سروسز ہسپتال کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

انمول عرف پنکی منشیات کیس، بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم

کراچی (اے ایف پی) کوکین کوئن انمول عرف پنکی کی منشیات کیس میں عدالت نے بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کردیا۔ کراچی کی سیشن عدالت جنوبی میں منشیات کے مقدمے میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی "کوکین کوئن" کی جانب سے دائر کی جانے والی بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ ناقص تفتیش کے باعث ملزمہ کی بریت کے قوی امکانات ظاہر کئے جا رہے ہیں۔ عدالت نے ملزمہ کی جانب سے دفعہ 265-K کے تحت دائر کی گئی بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کرتے ہوئے ڈپٹی پبلک پراسیکیوٹر اور وکیل سرکار کو آئندہ سماعت پر جواب داخل کرنے کا حکم دے دیا۔ ملزمہ کے وکیل میر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

پیپلز پارٹی کے موجودہ اقدامات ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش ہے، سہیل آفریدی

گورنر، چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا رہے ہیں، غیر آئینی اجلاس منعقد کر رہے ہیں

پشاور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے موجودہ اقدامات سے ایک اور مشرقی پاکستان بنانے کی کوشش نظر آ رہی ہے۔ صوبائی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ گورنر کی جانب سے گزشتہ روز کیا جانے والا ڈراما انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ خیبر پختونخوا میں عوام کی دو تہائی اکثریت سے منتخب حکومت موجود ہے، صوبائی اسمبلی، کابینہ اور حکومت مکمل طور پر فعال اور برقرار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گورنر، چیف سیکرٹری اور آئی جی کو بلا رہے ہیں، غیر آئینی اجلاس منعقد کر رہے ہیں۔ گورنر کا اس نوعیت کے اجلاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

لاہور: نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ و دیگر قائدین مال روڈ پر غزہ مارچ کی قیادت کر رہے ہیں

کوٹلی میں احتجاج کی آڑ میں کارروائیوں کا منصوبہ بے نقاب 8 ملزمان گرفتار

شرپسند عناصر نے نام نہاد احتجاج کی آڑ میں شہر میں امن و امان خراب کرنے اور معمولات زندگی مفلوج کرنے کا منصوبہ بنایا تھا،

کوٹلی میں ہونے والے اجلاس میں شرپسند عناصر کو اسلحہ، ٹرانسپورٹ اور مقامی سہولت کار فراہم کرنے کے انتظامات کیے گئے: نیوز کانفرنس

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آزاد جموں و کشمیر پولیس کے کوٹلی حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ شرپسند عناصر نے نام نہاد احتجاج کی آڑ میں شہر میں امن وامان خراب کرنے اور معمولات زندگی مفلوج کرنے کا منصوبہ بنایا تھا، جس کے تحت مختلف اضلاع میں باقاعدہ اجلاس کیے گئے۔ پولیس حکام نے نیوز کانفرنس میں بتایا کہ کوٹلی میں ہونے والے اجلاس میں شرپسند عناصر کو اسلحہ، ٹرانسپورٹ اور مقامی سہولت کار فراہم کرنے کے انتظامات کیے گئے۔ حکام کے مطابق گرفتار کیے گئے 8 ملزمان سے پستول اور دیگر اسلحہ برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق ان عناصر نے کالا ڈب کے مقام پر کارروائی کی، جس کے نتیجے میں ایک پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے سید جواد حسین کاظمی کی ملاقات

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے وفد کے مسائل اور تحفظات کو غور سے سنا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے صدر خیبر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور چیئرمین پاکستان بارڈرز ٹریڈ کونسل سید جواد حسین کاظمی کی قیادت میں ملاگوری ماربل انڈسٹریز ایسوسی ایشن اور باڑہ اسٹیل اینڈ فرنس انڈسٹریز کے وفد نے گورنر ہاؤس پشاور میں ملاقات کی۔ وفد میں ملک شیرین خان آفریدی، ملک بسم اللہ خان آفریدی، ملک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی کیساتھ خیبر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر سید جواد حسین کاظمی کی قیادت میں وفد کا گروپ فوٹو

لاہور میں گراں فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن، 230 چالان، 5 گرفتاریاں

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر لاہور کی ہدایت پر گراں فروشی کے خلاف شہر بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق اشیائے ضروریہ کی مقررہ سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے 23 ہزار 656 مارکیٹ انسپکشنز کی گئیں۔ انتظامیہ کے مطابق گراں فروشی کے مرتکب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ہیومن انسپائرڈ آئی لیب کا افتتاح

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی فیکلٹی آف کمپیوٹنگ اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی میں انسانی ضروریات اور تقاضوں پر مبنی مصنوعی ذہانت کے شعبے میں تحقیق کے لیے 'ہیومن انسپائرڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس لیبارٹری' قائم کر دی گئی۔ یہ لیبارٹری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

نرسنگ طلبہ کو بڑا ریلیف، پہلے سمسٹر میں ڈیٹینٹین طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان کی اجازت

لاہور (سٹاف رپورٹر) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے نرسنگ طلبہ کے لیے بڑا تعلیمی ریلیف دیتے ہوئے پہلے سمسٹر میں ڈیٹینٹین ہونے والے طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری کے حوالے سے اہم اجلاس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر مری کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی پروفیسر مسفراح، ایم ایس ہسپتال ڈاکٹر قیصر عباسی اور بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کے افسران بھی شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

پی ٹی آئی کے طرز سیاست پر تنقید، دھرنوں، نعرے بازی کی سیاست کا کلچر ختم کرنا ہوگا، بلال یاسین

عوامی خدمت کے منصوبوں اور مثبت سیاست سے آنیوالی نسل کی تربیت ازحد ضروری ہے

دنیا میں سب سے کم وقت میں پھیلنے والا پروگرام اپنی چھت، اپنا گھر قرار دیا گیا، پریس کانفرنس

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین نے پی ٹی آئی کے طرز سیاست پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ دھرنوں اور نعرے بازی کی سیاست کا کلچر ختم کرنا ہوگا، طرز سیاست خدمت اور عوامی کارکردگی پر ہونی چاہیے نا کہ گالم گلوچ اور بدزبانی کے ریکارڈ قائم کرنے پر۔ انہوں نے وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کے ہمراہ ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو دنیا میں سب سے کم وقت میں پھیلنے والے پروگرام کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ یہ اعزاز پنجاب حکومت کی عوامی خدمت اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں جاری فلاحی اقدامات کا عالمی اعتراف ہے۔ یہ ایوارڈ صرف وزیر اعلیٰ پنجاب کا نہیں بلکہ 25 کروڑ پاکستانیوں کا ایوارڈ ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کو ایوارڈ محض دعوؤں کی بنیاد پر نہیں بلکہ عملی کارکردگی کی بنیاد پر مل رہے ہیں۔ دو سال سے بھی کم عرصے میں 2 لاکھ 20 ہزار سے زائد خاندانوں کو بلاسود قرضے فراہم کیے جاچکے ہیں جبکہ اب تک 278 ارب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

شافع حسین سے چائنیز بزنس کونسل پاکستان کے 17 رکنی وفد کی ملاقات

چین کی کمپنیوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری کے امور پر بات چیت

چین کی کمپنیاں پنجاب میں سرمایہ کاری کریں، ہر ممکن سہولت دیں گے، وزیر صنعت و تجارت شافع حسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین سے چائنیز بزنس کونسل پاکستان کے 17 رکنی وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں چین کے بڑے سرمایہ کار گروپوں کے اعلیٰ حکام شامل تھے۔ وفد کی قیادت ڈونجیان ٹریڈنگ کمپنی چائنا کے صدر مسٹر چن کیانگ جیانگ کر رہے تھے۔ پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر ہونے والی ملاقات میں چین کی کمپنیوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری کے امور پر بات چیت ہوئی۔ چین کی متعدد کمپنیوں نے پنجاب میں مختلف شعبوں میں مزید سرمایہ کاری پر آمادگی ظاہر کی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر 1787 پر شہریوں کی شکایات کے بروقت ازالے کا عمل جاری

رواں سال 98 ہزار سے زائد شکایات حل، مانیٹرنگ سسٹم مزید فعال، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پولیس کے آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر 1787 پر شہریوں کے مسائل کے ازالے کا عمل جاری ہے جس کے تسلسل میں رواں سال کمپلینٹ سنٹر پر موصول ہونے والی 98 ہزار سے زائد شکایات کو حل کرلیا گیا ہے۔ انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے کہا کہ شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کو ایس او پیز کے مطابق مقررہ ٹائم لائن کے اندر حل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 1787 آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر کی کارکردگی کو زیادہ موثر بنانے کے لئے مانیٹرنگ کے نظام کو مزید فعال کیا گیا ہے۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ ڈی پی او زخود 1787 کمپلینٹ سسٹم پر موصول ہونے والی شکایات کی نگرانی کر رہے ہیں تاکہ ان کا فوری ازالہ یقینی بنایا جا سکے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ مختلف نوعیت کی شکایات کے حل میں نمایاں پیش رفت حاصل ہوئی ہے جن میں مقدمات کے اندراج سے متعلق 47,152 جبکہ سست تفتیش سے متعلق 22,339 شکایات حل کی گئیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کرکے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار

ملزمان کا ایک سال کے دوران مختلف علاقوں میں 12 سے زائد وارداتیں کرنے کا انکشاف

بزرگ خاتون کی درخواست پر تھانہ وحدت کالونی میں مقدمہ درج کیا گیا تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ وحدت کالونی کی حدود میں اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کے ذریعے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار کرلیا گیا۔ انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق تینوں ملزمان میٹرک فیل ہیں اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کرکے چونیاں سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان نے ایک سال کے دوران مختلف علاقوں میں 12 سے زائد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے اے ٹی ایم مشین میں رقم نکلوانے کے لیے مختلف طریقہ واردات اختیار کر رکھا تھا۔ ایک ملزم اے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

8 اکتوبر کا زلزلہ ملکی تاریخ کا سب سے اندوہناک اور خوفناک قدرتی سانحہ تھا، چوہدری سرور

یہ دن جہاں ہمیں اپنے پیاروں کی جدائی کا گہرا زخم یاد دلاتا ہے وہیں یہ پاکستانی قوم کے عزم، ہمت اور لازوال یکجہتی کی داستان بھی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور نے 8 اکتوبر 2005 کو پاکستان کی تاریخ کے ہولناک سانحے کو 21 سال مکمل ہونے پر کہا ہے کہ اس دن آنے والا زلزلہ ملک کی تاریخ کا سب سے اندوہناک اور خوفناک قدرتی سانحہ تھا، اس شدید زلزلے نے محض چند سیکنڈز میں ہنستے بستے شہروں اور دیہاتوں کو ملبے کے ڈھیر میں تبدیل کر دیا۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ اس شدید زلزلے میں ہزارہا افراد آن واحد میں لقمہ اجل بن گئے، ہزاروں بچے یتیم اور ہزارہا افراد اپنے عزیز تر رشتوں اور گھروں کی چھت کی نعمت سے محروم ہوگئے۔ چوہدری سرور کا یہ بھی کہنا تھا کہ 8 اکتوبر کا دن جہاں ہمیں اپنے پیاروں کی جدائی کا گہرا زخم یاد دلاتا ہے وہیں یہ پاکستانی قوم کے عزم، ہمت اور لازوال یکجہتی کی داستان بھی ہے۔ اس سانحے نے ثابت کیا کہ آزمائش کی ہر گھڑی میں پاکستانی قوم ایک دیوار بن کر کھڑی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

سینیٹر فاروق ایچ نائیک جوڈیشل کمیشن کی رکنیت سے مستعفی

ذاتی مصروفیات کی بنا پر جوڈیشل کمیشن کی رکنیت مستعفی ہوا ہوں، رہنماء پیپلز پارٹی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے جوڈیشل کمیشن سے استعفیٰ دے دیا۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں جوڈیشل کمیشن سے مستعفی ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ذاتی مصروفیات کی بنا پر جوڈیشل کمیشن کی رکنیت مستعفی ہوا ہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

رجب بٹ اور ایمان فاطمہ کے ازدواجی تنازع میں نیا موڑ

ایمان فاطمہ کا فیملی کورٹ میں نان نفقے کا دعویٰ، اپنے اور بیٹے کیلئے مالی معاونت کا مطالبہ

لاہور (کورٹ رپورٹر) یوٹیوبر رجب بٹ اور ان کی اہلیہ ایمان فاطمہ کے درمیان جاری ازدواجی تنازع میں نیا موڑ آ گیا۔ رپورٹس کے مطابق ایمان فاطمہ نے فیملی کورٹ میں نان نفقے کا دعویٰ دائر کرتے ہوئے اپنے اور بیٹے کیلئے مالی معاونت کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سے قبل رجب بٹ کی جانب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)